ذاتِ حقیقتہ محضہ ہوے مثل وجوب وحیات وحدت وانیت وقدم وبقاوغنا اور مثل اس کے خواہ حقیقتہ اضافیہ جیسا کہ علم والارادہ۔ قدرت اور مانند اس کے یا صفات افعالی کہ جیسے خالقیت وارزقیت احیاء وامانت وعقاریت وستاریت اور مثل اس کے بلکہ اعیان ثابتہ وصور علمیہ (علمی صورتیں) جو ممکنات کی ذاتیں اور ماہیات ہیں تابع ولزوم وقابلیت اور اپنی استعدادیہ کے ساتھ مرضیۂ غیب میں جو کہ احدیت، وحدیت۔ واحدیت مراد ہیں۔ ہر چند وہ حدوث وتغیر فنا وزوال ونقصان بالذات رکھتے ہیں۔ لیکن نظر عالم پر جو ذات حق ہے ان کی معلومیت میں خصوصاً حق تعالیٰ کو جو مرتبہ واحدیت میں ثابت ہے قدیم اور ازلی بے جعل جاعل (بنانے والی کی بناوٹ کے بغیر) ہیں ورنہ ذات باری تعالیٰ حوادث کے مقام ہونا (یعنے حادث ہونا) لازم آئے گا

تعالی اللہ من ذالک علواً کبیرا بلند و برتر ہے
اللہ تعالیٰ اس سے غالب اور بزرگ لیکن وجود خارجی کی نسبت سے
(یعنی صانع یکتا کی صفت) بے ہمتا قدیر کی قدرت سے اپنے احکام
و آثار کے ساتھ خارج میں وجود کی کہ کہے ہیں مخلوق اور مجعول (بنی
ہوئی) اور حادث ہیں ؎

تو گر عالم قدم جستی بے نعل چناں بود
تو اگر عالم قدم تلاش کرے ایسا ہووئے
وگر حادث بیاوردی ہماں بود
اور اگر حادث کو نکال تو ہی ہے

پس عالم مرتبہ غیب میں قدیم ہے اور مرتبہ شہادت میں حادث ؎

نفی آں یک چیز و اثباتش رواست
کسی ایک چیز کی نفی اور اس کا اثبات جائز ہے۔
چوں جہت شد مختلف نسبت دو تاست
جبکہ جہت مختلف ہوں تو اس کی نسبت دو پہلو پر ہے

فافہم پس فہم کریں اور جانیں ۔

اگر تو کہے قدیم اس کو کہتے ہیں جو خارج میں موجود رہ کر ہمیشہ
رہے میں کہتا ہوں ۔ موجودیت اس قدیم کی جو تم نے کہا کس معانی
پہ ؟ اگر کہے کہ معنے مستقل موجودیت یعنی خود ۔ بخود موجود رہنا
خاص اسی کے لئے ہے ۔ میں کہتا ہوں سبحانہ اللہ اس معنے کے ساتھ اطلاق

قدیم صفات حق کے بارے میں صادق نہیں آتا ہے۔ پس کیونکر ہو؟ اعیان کے حق میں۔ اس لئے کہ صفات موجود ہیں ذات کے وجود سے قدیم ہیں ذات کی قدامت سے اور قدیم ہیں قیام ذات سے خود بخود نہیں پس جو کہ خود بہ خود موجود خارج میں ہو کہ ہمیشہ رہے ذات حق ہے سبحانہ یعنے اپنے وجود سے موجود ذات حق ہے۔ نہ صفات۔ بلکہ صفات موجود ذاتی وجود سے اور قائم ذات کے قیام سے اور قدیم ذات کی قدامت سے ہیں پس اپنے خیال سے پس قدیم کی تعریف جو تونے کی حق کی ذات پر صادق آوئے فقط۔ نہ صفات پر یہہ کیا معلومات ہیں؟

اور عقائد میں لکھتے ہیں کہ معنے قدم حق نفی عدم سابق کی نفی کا قدیم ہونے کے معنے عدم سابق کی نفی ہے اس کے وجود پر۔ پس قدیم وہ ہے کہ مسبوق بہ عدم نہ ہوئے۔ یعنی اس کے وجود کے سابق میں عدم نہ ہو۔ اور لقائے حق تعالیٰ سے مراد عدم لاحق کی نفی اس کے وجود کے لئے مخصوص ہو۔ یعنی ایسا باقی جو عدم سے ملحق نہ ہوئے یعنی عدم لاحق نہ ہوئے خاص اس کے وجود کے لئے پس ذات وصفات حق کو مذکورہ تعینات کے ساتھ اور باقی کہنا کفایت کرتا ہے۔

جب کہ قدیم ان معنوں کے ساتھ جو سابق میں تم نے کہا ذات حق کے علاوہ اس کی صفات پر بھی صادق نہیں آتا ہے۔ پس کیونکر اعیان کے لئے؟ کیونکہ جو اعیان ثابت کو قدیم کہے ہیں۔

نسبت سے ہیں کہ بلکہ بعض عارفین ارواح کو قدیم کہے ہیں اس

تخصیص ہے کہ خلق اللہ۔ الارواح قبل الاجساد بالف عام کہ اللہ تعالیٰ
نے پیدا کیا ارواح کو اجساد سے دو ہزار سال قبل۔ پس معلوم ہوا کہ قدم
خاص ذات کے لئے نہ قدم صفات پہونچے نہ معلومات۔ پس فہم کریں۔
دوسرا یہ کہ اعیان ثابتہ اپنے نفس سے خارج میں وجود نہیں رکھتے
نہ یہہ کہ حق کی وجود بخشی کے بعد خارج میں موجود نہ ہوئے حاشا ثم حاشا ہ

اعیان بین ناکردہ تنزل
اعیان عینیت کی گہرائی سے نازل نہ کئے ہوں
حاشا کہ بود تجعل جعل مجعول
پناہ بخدا کب ہو ویں بنانے سے بنائے ہوئے (کئے ہوئے)

اعیان کی خارج میں موجودیت کے اثبات میں بہت سے دلائل اور معقولے
بہت تفصیل کے ساتھ اسی رسالہ میں لاؤں گا انشاء اللہ تعالیٰ

معیت و احاطت

جانئے کہ معیت و احاطت و قرب اقربیت و سرایت کی صفت
اور فیض حق کے ظہور کو علمائے ظاہر علم اور قدرت کی حیثیت سے ثابت
کرتے ہیں اور صوفیا ذات کی حیثیت سے اس لئے کہ علم اور قدرت
حق کی ذاتی صفات سے ہیں کبھی ذات سے منفک (جدا) نہیں
ہوتے ہیں۔ اور وجود اور ان کا قیام ذات سے ہے نہ بجود اپنے

آپ) اہلِ نظر متکلمین سے بھی صفت و موصوف کو ایک وجود سے دو موجود جانتے ہیں یعنی ایک وجود موصوف جوکہ ذات ہے صفات سے بھی موجود ہیں حاصل یہہ ہے کہ وجود صفت موصوف کا ایک ہی ہے نہ دو جیسا کہ علماء کے نزدیک وجود عرض و محل کا ایک ہی ہے ۔ اور بعض لوگ صفات کو وجود زائد بر ذات کہتے ہیں یہ عقلی اور اعتباری ہے ۔ حقیقی اور واقعی نہیں ہے ۔ پس محبت حق کے ثبوت کی صورت میں علم اور قدرت کی حیثیت سے تحقیق محبت اور وہ ذات کی حیثیت سے بھی پایہ تحقیق پائی پس فہم کریں ۔

کلمہ صفات حق سبحانہٗ تعالیٰ

جانئے کہ ذات حق سبحانہٗ تعالیٰ ہستی مطلق اور وجود محض ہے اس وجود کے کمالات کو صفات نام رکھتے ہیں ۔ پس کمال اول اُن کا یہہ ہے کہ

وجود کبھی نیست ہونے والا نہیں بلکہ ہمیشہ سے ہے اور رہنے والا ہے ۔ ع

جاداں ہست و بود خواہد بود

یہ ہمیشہ سے ہے اور تھا اور رہیگا

پس اس کے یہ کمال کو یعنی نیست نہیں ہونا اور ہمیشہ ہست رہنا ۔

اس وجود کو صفتِ حیات اور بقا کہتے ہیں۔

اس کا دوسرا کمال یہہ ہے کہ وہ جود اپنے کو اور اپنے تمام کمالات کو اور اپنے ماسوا کے ذات وصفات کو بھی ہمیشہ جانتا ہے۔ اس کمال کو صفتِ علم کہتے ہیں دوسرا کمال یہ ہے کہ

دوسرا کمال یہہ ہے کہ وہ وجود چاہتا ہے کہ اپنے کو اور اپنے تمام کمالات کو ہمیشہ ظہور میں لائے اس کمال کو صفتِ ارادت کہتے ہیں۔ بعض محققین ارادت کے معنی تجلیٔ ذاتِ معدوم کے ایجاد کے لئے فرمائے ہیں۔

ایمان ثانیہ کے وجود کو ان کے عدم پر ترجیح دینا ہے۔

دوسرا کمال یہہ ہے کہ وہ وجود کچھ چاہتا ہے کرتا ہے۔ اور وہ جو نہیں چاہتا نہیں کرتا ہے کر سکے۔ اور جو کچھ چاہتا ہے کر سکے کہ جو کچھ نہیں چاہتا ہے نہیں کر سکتا ہے اور اپنے خلاف کے لئے (یعنی مخالفین) یہ معنی عجز کے ملتزم (یعنی عجز لازم آئے) ہوئے تعالیٰ اللہ عن ذالک (اللہ تعالیٰ اس سے برتر ہے) اور اس کمال مذکور کو صفتِ قدرت جانتے ہیں۔

اگر تو کہے کہ لفظ ناخواستنی (نہیں چاہتا) سے جو تم نے کہا جبر و اضطرار مفہوم ہو رہا ہے وہ صفت تو نقصان کی ہے نہ صفت کمال کی پس کیونکر جائز ہوئے۔؟

میں کہتا ہوں خواستن و ناخواستن (چاہنا نہیں چاہنا) سے ہماری

مراد یہہ ہے کہ اوس کی مثال ۔ مثلاً زید کے لئے وجود چاہتا ہے اور عمر کے لئے وجود نہیں چاہتا ۔ یعنی عمر کا عدم چاہتا ہے اور بکر کی حیات چاہتا ہے اور خالد کے لئے حیات نہیں چاہتا یعنی خالد کی موت چاہتا ہے ایسا ہی جس کے کوئی انتہا نہیں ہے ۔ پس یہ خواستن وناخواستن جوذ کر پایا ہر دو اختیار وارادت کے معنی کی تحقیق پائے ۔ نہ جبر واضطرار کے تعالیٰ اللہ عن ذالک اللہ تعالیٰ اس سے برتر ہے ۔ پس قوت اور قدرت یعنی توانستن وکبر دن (کرسکنا اور کرنا) جو کچھ چاہتا ہے اور نہیں چاہتا ہے ۔ صفت قدرت ہوئے ۔

دوسرا کمال یہہ ہے کہ ۔ وہ وجود اپنے کو اور اپنے تنوعات ظہورات داخلی وخارجی (اپنے داخلی وخارجی ظہورات کے اقسام) کو یعنی اپنے اسماء وذات وصفات کے مظاہر وجمالی (جلائے ظہور وجائے جلوہ) کو ہمیشہ دیکھتا ہے ۔ اس کمال کو صفت بصر کہتے ہیں ۔

دوسرا کمال وہ ہے کہ وہ وجود اپنے اسماء کے ذات وصفات کے مظاہر کو امر سے ظاہر کرتا ہے امر سے "انما امرہ اذا اراد اللہ شیئاً ان یقول لہ کن فیکون ۔

ترجمہ: ۔ جز یں نیست کہ اس کا جب ارادہ کیا اللہ تعالیٰ کسی شے کا کہتا ہے اس کو ہو پس ہو جاتا ہے ۔ اس کمال کو صفت کلام کہتے ہیں ؎

حق تعالیٰ جو بے عبارت وحرف
حق تعالیٰ نے جب بغیر عبارت اور حرف کے

با عدم گفت نکتہ ہائے شگرف
عدم کے لئے کہا غیب و دنیا نکات

عدم آمد ز ذوقِ آں سخنان　　بقضائے وجود رقص کناں

عدم اس کلام کے ذوق سے　　وجود کی فضاء میں رقص کرتا ہوا آیا

بعض محققین فرمائے ہیں۔ کلام کے معنی اطلاع دینا ہو وے کسی کو اپنے معلومات پر باری تعالیٰ بھی اسی وجہ سے متکلم ہے۔ اس واسطے کہ تمام چیزیں اس باری تعالیٰ کے معلوم ہیں تا اس پر اطلاع دے سکے۔ فرمایا عین القضاۃ ہمدانی قدس سرہ نے بعض فارسی رسالوں میں خدائے تعالیٰ کامل الذات وختم صفات ہے۔

اس کا کلام آلہ ومادہ وحلق ولب اور سے جو مختلف حروف کی مخارج میں مستغنی ہے اور ہمارے لئے کوئی مقصد ہو تو ہم چاہتے ہیں کسی کو معلوم کرائیں۔ زبان وحروف اور آواز کے محتاج ہوتے ہیں تا کہ اپنے مقصد کو اسکی فہم میں پہونچائیں۔ اور حق تعالیٰ کو ان سب سے حاجت نہیں ہے جب کہ جو علم جس کو چاہے حروف واصورت کے بغیر اس میں حاضر کرے۔ جیسے كتب فى قلوبهم الايمان۔ وعلم بالقلم۔ الرحمٰن عَلَّمَ القرآن الى آخرہ۔ جو کچھ علم ازلی سے ہے ہرگز انتہا کو علم ازلی میں دخل نہیں ہے لو كان البحر مدادًا لكلمات ربي لنفد البحر قبل ان تنفد كلمات ربي ولو جئنا بمثله مددًا الخ

دوسرا کمال یہہ ہے کہ وہ وجود اپنا کلام اور اپنے مخلوقات کے کلام کو سنتا ہے ہمیشہ خواہ غیب میں خواہ شہادت میں۔ اس کمال کو

صفتِ سماع نام رکھتے ہیں۔ قطعہ

قطعہ حال ہر ممکنے بکتم عدم
بیند و داند وز نبیش و کم
گوشہ عدم کے ہر ممکن کا حال
بغیر کم و بیشی کے دیکھے اور جانے

وز سوال و طلب ہر آنچہ رود   بزبانش یگان یگان شنود
اور سوال مطلب سے جو کچھ بھی جاری ہے   ہر ایک زبان سے فرداً فرداً سنے

حاصل اس باب کا یہہ ہے کہ مبصرات کا ادراک (دریافت) اس کی صفتِ بصر سے اور مسموعات کے ادراک کو اس کی صفت سمع سمجھے

ہر یکے از وصف سمع و وصف بصر   ہست جز علم معنے دگر
صفت سمع اور صفت بصر سے ہر ایک   سوائے علم کے اس کے دوسرے ہی معنی ہیں

حق کے مکنونات ظاہر کرتے کو اس کے کلام کی صفت کہیں

بیت حق تعالیٰ حقائق و اسرار   چو کند بر قایلان اظہار
حق تعالیٰ اپنے حقائق و اسرار   جب قابل افراد پر ظاہر کرے
صفت را کہ ہست مبدء آں   کردہ نامش کلام اہل لسان
جو مبدا ہے اس صفت کا   اس کا نام متکلمین کلام رکھتے ہیں

یہہ تذکرہ سبع صفات (سات صفات کو امہات کہتے ہیں اور

یہہ کمال ہر اک وجود میں حقیقی وجود کا عین ہے اور مرتبۂ علم میں ہر کمال
وجود یعنی وجود علمی سے تمیز پاتا ہے۔

دوسرا جان لیں کہ۔ عقائد شرعیہ میں لکھتے ہیں صفات
نا عین ذات ہیں اور نہ غیر ذات، اس سے زیادہ کچھ لکھتے نہیں ہیں۔ ۵

ہمہ پاکیزہ از شر ویری از شین ہمہ با ذات او نہ غیر نہ عین
تمام برائیوں سے پاک اور ہر عیب سے بری تمام اس کی ذات کے ساتھ نہ غیر ہیں اور نہ عین

لیکن صوفیائے کرام تفصیل اور تشریح اس بات کی ایسی کرتے ہیں
کہ صفات ایک وجہ سے عین ذات ہیں۔ اور ایک وجہ سے غیر ذات
یعنی عین ذات حق ہیں وجود کی حیثیت سے اور اس کی ذات
سے غیر ہیں مطابق عقل کے اس واسطے کہ صفات کو فقط عین ذات
جاننا نفی صفات کی طرف کشش پائے۔ وہ باعث تعطیل ہے۔ اس بناء
پر کہ ذات و صفات کے درمیان تمیز اور فرق سات وجہ سے تصور
لیا گیا ہے۔

وجہ اول یہہ کہ۔ تقدم ذات کو ہوئے (ذات مقدم ہے) اور
تاخیر صفات کو (یعنی صفات موخر ہیں) یعنی اول ذات اس کے
بعد صفات کو محفوظ رکھتے ہیں۔ نہ اس کے برعکس اور یہ تقدم و تاخیر رتبی
ہے۔ (یعنی مرتبہ کے لحاظ سے) نہ زمانی (زمانہ کے لحاظ سے نہیں)

وجہ دوم۔ یہ کہ ذات قائم بخود ہے اور صفات قائم بذات یعنی
صفات کا قیام ذات سے ہوئے نہ اس کے برعکس۔

وجہہ سوم۔ یہ کہ صفات میں تعدد ہووے یعنی صفات کے مفہوم کے لئے تعداد ہوئے) ذات کے مفہوم میں نہیں۔

وجہہ چہارم۔ یہ کہ ذات کو اثبات ہوئے اور صفات کو نہیں یعنی ہر صفت و اسم میں جو انا کہی وہ ذات ہے۔ صفت نہیں۔

وجہہ پنجم۔ یہ کہ ذات ہمیشہ ایک حال پر رہے ۔

ہر چند دل نہاں و عیاں نیست غیر او

ہر چند نہاں اور عیاں میں نہیں ہے اس کے سوا

فی حد ذاتہ نہ نہاں ست و نہ عیاں

اس کی ذات کی حد میں نہ نہاں ہے اور نہ عیاں

اور صفات کبھی مخفی اور کبھی ظاہر جیسے کہ محققین فرمائے ہیں مراتب ستہ کے بیان میں پس ظہور کی صفت کے اعتبار سے ذات کو ظاہر کہتے ہیں۔ اور باطن کی صفت کی حیثیت سے باطن۔ پس فہم کریں۔

وجہہ ششم یہ کہ ذات موجود وجودی ہے۔ اور صفات موجود ذہنی ہے۔

وجہ ہفتم۔ یہ کہ ذات کو اجمال و تفصیل نہیں۔ اور صفات کو اجمال ہے۔

پس ان سات وجوہات مذکورہ پر نظر کریں تو صفات غیر ذات ہیں اور اگر عین ذات کہیں فقط نفی ثبات لازم آئے۔ اور وہ تعطیل

یہہ کمال ہر اک وجود میں حقیقی وجود کا عین ہے اور مرتبۂ علم میں ہر کمال وجود یعنی وجود علمی سے تمیز پاتا ہے۔

دوسرا جان لیں کہ۔ عقائدِ شرعیہ میں لکھتے ہیں صفات تا عین ذات ہیں اور نہ غیر ذات، اس سے زیادہ کچھ لکھتے نہیں ہیں۔ ۵

ہمہ پاکیز از شر و بدی از شتیں — ہمہ با ذاتہ او نہ غیر نہ عین

تمام برائیوں سے پاک اور ہر عیب سے بری — تمام اس کی ذات کے ساتھ نہ غیر ہیں اور نہ عین

لیکن صوفیائے کرام تفصیل اور تشریح اس بات کی ایسی کرتے ہیں کہ صفات ایک وجہ سے عین ذات ہیں۔ اور ایک وجہ سے غیر ذات یعنی عین ذاتِ حق ہیں وجود کی حیثیت سے اور اس کی ذات کے غیر ہیں مطابق عقل کے اس واسطے کہ صفات کو فقط عین ذات جاننا نفی صفات کی طرف کشش پائے۔ وہ باعث تعطیل ہے۔ اس ایماء بیکہ ذات و صفات کے درمیان تمیز اور فرق سات وجہ سے تصور کیا گیا ہے۔

وجہ اول یہہ کہ۔ تقدم ذات کو ہوئے (ذات مقدم ہے) اور تاخیر صفات کو (یعنی صفات موخر ہیں) یعنی اول ذات اس کے بعد صفات کو ملحوظ رکھتے ہیں۔ نہ اس کے برعکس اور یہ تقدم و تاخیر رتبی ہے۔ (یعنی مرتبہ کے لحاظ سے) نہ زمانی (زمانہ کے لحاظ سے نہیں)

وجہ دوم۔ یہ کہ ذات قائم بخود ہے اور صفات قائم بذات یعنی صفات کا قیام ذات سے ہوئے نہ اس کے برعکس۔

وجہہ سوم - یہ کہ صفات میں تعدد ہووے یعنی صفات کے مفہوم کے لئے تعداد ہووے) ذات کے مفہوم میں نہیں۔

وجہہ چہارم - یہ کہ ذات کو اثبات ہووے اور صفات کو نہیں یعنی ہر صفت و اسم میں جو انا کہی وہ ذات ہے۔ صفت نہیں۔

وجہہ پنجم - یہ کہ ذات ہمیشہ ایک حال پر رہے ؎

ہر چند در نہاں و عیاں نیست غیر او

ہر چند نہاں اور عیاں میں نہیں ہے اس کے سوا

فی حد ذاتہ نہ نہاں ست و نہ عیاں

اس کی ذات کی حد میں نہ نہاں ہے اور نہ عیاں

اور صفات کبھی مخفی اور کبھی ظاہر جیسے کہ محققین فرماتے ہیں مراتب ستہ کے بیان میں پس ظہور کی صفت کے اعتبار سے ذات کو ظاہر کہتے ہیں۔ اور باطن کی صفت کی حیثیت سے باطن۔ پس فہم کریں۔

وجہہ ششم یہ کہ ذات موجود وجودی ہے۔ اور صفات موجود ذہنی ہے۔

وجہ ہفتم - یہ کہ ذات کو اجمال و تفصیل نہیں۔ اور صفات کو اجمال ہے۔

پس ان سات وجوہات مذکورہ پر نظر کریں تو صفات غیر ذات ہیں اور اگر عین ذات کہیں فقط نفی ثبات لازم آئے۔ اور وہ تعطیل

ہونے کی خبر دیتی ہے اس کی صفات اس سے پاک ہیں۔

اور دوسرا یہ جان لیں کہ اگر صفات کو غیر ذات (یعنی ذات کا غیر) جانیں فقط وہ واحد تعالیٰ کی ذات میں شریک لازم آئے تعالیٰ اللہ عن ذالک۔ اللہ تعالیٰ اس سے برتر ہے بلکہ اولیٰ وہ ہے کہ ذات وصفات کو دو موجود ایک وجود سے کہیں یعنی ذات خود بخود موجود ہے اور صفات موجود ذات کے وجود سے کو ھذا عند المتکلمین اور ایسا ہی متکلمین کے نزدیک ہے جیسا کہ حکما کے نزدیک یہی عرض و محل دو موجود ہیں ایک وجود محل سے پس وجود کی حیثیت سے صفات کی عینیت و ذات تعالیٰ سے ثابت و محقق ہوئی۔

قال المولوی جامی قدس سرہ۔ فرمایا مولوی جامی قدس سرہ نے اپنی سوانح میں۔

صفات غیر ذات ہیں مفہول و حتم کی حیثیت سے۔ اور عین ذات ہیں وجود کی حیثیت سے اور تحقیق اور حصول ہے انتہاء لعنے کاملین جیسے کہ مجدد الف ثانی قدس سرہ صفات کو وجود زاید بر ذات فرمائے ہیں۔ یہ عقلی اور اعتباری ہے نہ نفس الامری اور حقیقی فہم کریں۔ اور کتاب عین المعانی میں فی شرح اسمائے ربانی میں لکھتے ہیں کہ صفات حق سبحانہٗ تعالیٰ متکلمین کے نزدیک نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات۔ اور حکما کے نزدیک عین ذات

ہیں۔ اور اہل تصوف کے نزدیک اس اعتبار پر کہ عقل اس کی مدرک ہے۔ (مدرک دریافت طلب) غیر ذات ہے چونکہ وہ حاکم ہے تمیز کرنے پر ذات کے درمیان جو مراد ہے وجود مطلق سے اور درمیان صفات کے جو متعدد نسبتیں ہیں، واقعی اعتبار اور نفس الامری میں ایک دوسرے کے عین ہیں۔ چونکہ صفت جو مراد تجلی وجود مطلق سے ہے مرتبہ ظہور میں تجلی خاص جو زاید بر ذات اس کے نہیں بلکہ اس کی عین ذات ہے۔ مثلاً عالم ذاتی ہے علم کی صفت کے اعتبار سے اور قادر ذاتی ہے صفت قدرت کے اعتبار سے اور شک نہیں ہے۔ چنانچہ ذات و صفات اپنے درمیان ایک دوسرے کے غیر ہیں اور عین۔ ایسے ہی صفات اور اسماء اپنے درمیان بھی مفہوم و مظاہر کے انداز سے متغائر ہیں تغائر کلی کے ساتھ اور عین ہیں بہ غیب اصلی انتہا قال المتکلمون ان الصفات علی ثلثۃ اقسام حقیقۃ محضۃ کالسواد والبیاض والوجود والحیوٰۃ وحقیقۃ ذات اضافۃ کالموقدرت واضافیۃ محضۃ کالمعیۃ والقبلیۃ و فی اعداد ہا ان الصفات بحوز فی الحوث ثالث مطلقاً انتہی۔

دوسرا جانئے کہ تعریف صفات ذاتی کی اوپر تحریر ہوئی۔ اور صفات افعالی۔ اور حقائق الٰہی اور اسمائے کلی الٰہی اور مرتبہ وجوب امثالی ان صفات کو کہتے ہیں کہ فعالی کے یعنی کنندگی (کرنے کی صفت)

اور تاثیر اس میں مدرک ہوتی ہے اور ان کا ظہور موقوف ہے اپنے مظاہر پر جیسا کہ خالقیت اور رزقیت اور احیاء و اماتت اور غفاریت اور ستاریت و قہاریت وغیرہ۔ اور صفات انفعالی۔ اور حقائق کیانی اور اسمائے کونی اور مرتبہ آمکان اعیان ثابتہ وصور علمیہ ماہیات ممکنات اور ذات مخلوقات کو کہتے ہیں۔ حق سبحانہ تعالیٰ کے علم قدیم کے مرتبہ میں جو واحد نہیں ہے۔ یہ سب شان انفعالی و تاثیر یعنی اثر قبول کرنے کی شان رکھتے ہیں جیسے کہ صفت معلومیہ اور مقدوریہ اور شان مخلوقیہ و مرزوقیہ و مغفوریہ مستوریہ و مقہوریہ۔ اور لوگ زندہ ہونا وغیرہ یہ تمام مذکورات کو عالم غیب ہیں۔ شیونات ذاتیہ نام رکھتے ہیں۔ اور جام جہاں نما میں کلی و اجمالی اعتبار سے صفات افعالی و اسماء اور حقائق الٰہی کو اٹھائیس قرار دیئے ہیں۔ اگرچہ مراتب تفصیلی اور ان کی کثرت لا تعداد و لا محدود ہے وھی ھذا

وہ یہ ہیں الرفیع الجامع اللطیف القوی المذل الرزاق العزیز الممیت الحی المحی القابض المتین المحصی المصور النور القاھر الحلیم المہذب المقتدر المغنی الشکور المحیط۔ الحکیم الظاھر الباطن الآخر الباعث البدیع۔ وصفات انفعالی و اکے حقائق کو جو اعیان ثابتہ ہیں مظہری حیثیت سے اسمائے کلی الٰہی کلیہ و اجمالی اعتبار سے بھی اٹھائیس مقرر کئے ہیں اگرچہ مراتب اور

ان کی کثرت اور تفصیل ان کی خط و احاطہ سے باہر اور قیاس و شمار سے بڑھ کر ہیں وہی بڑادہ یہ ہیں۔ عقل کل[۱]، نفس کل[۲]، صحت کل[۳] جوہر۔ شکل کل۔ عرش۔ کرسی۔ فلک البروج ہے۔ فلک منازل فلک زحل[۱۴]، فلک مشتری[۱۵]، فلک مریخ[۱۶]، فلک شمس[۱۷]، فلک زہرہ[۱۸]، فلک عطارد[۱۹]، فلک قمر[۲۰]، کرۂ آتش[۲۳]، کرۂ ہوا[۳۴] کرۂ آب[۳۵]، کرۂ خاک[۳۶]۔ مرتبہ جماد[۳۷]۔ مرتبہ غابیت[۳۸]، مرتبہ حیوان[۳۹] مرتبہ ملک۔ مرتبہ جن۔ مرتبہ انسان۔ مرتبہ انسان کامل

دوسرا جانئے کہ شرح گلشن راز میں مظاہر و مجالی صفات انفعالی یعنے احکام آثار اعیانِ ثابتہ کو جو عالم شہادت میں قدرت کاملہ اور صنعت شاملہ سے حق سبحانہٗ تعالیٰ کے وجودِ خارجی پائے ہیں۔ کلیت و اجمالی حیثیت سے چالیس مرتبہ وارد ہوئے جیسا کہ اس دوبیت کی شرح میں فرمائے ہیں ؎

احد در میم احمد گشت ظاہر ‏ ‏ ‏ درین دور اول عین آخر

احد اسم ذات ہے اسماء و صفات کے تعداد کی نفی کے اعتبار سے اور نسبت تعینات کی میم احمد میں صلی اللہ علیہ وسلم جو تعین محمدی ہے صلی اللہ علیہ وسلم۔ چونکہ امتیاز احمد کا احد سے بے میم کے ساتھ ہے جو مراد تعین اول سے یعنی نورِ محمدی ہے علیہ الصلوٰۃ والسلام جس کو عقل کل اور قلم اعلیٰ بھی اس کو کہتے ہیں۔

گشت ظاہر سے مراد احد کا مظہر حقیقی احمد ہے علیہ السلام اور

باقی مراتب موجودات کے حقیقت محمدی کے مظہر ہیں۔ اسی معنی پر ہے
جو عارفین فرماتے ہیں کہ حق تعالیٰ کو جیسا کہ موجودات میں سرایت
ہے انسانِ کامل کو بھی چاہیئے کہ موجودات کے تمام مراتب میں سرایت
ہوئے۔ کیونکہ کامل وہ شخص ہے جو اپنی خودی سے فانی اور حق کی
بقا سے باقی رہا ہو۔ بامیم احمد اشارہ ہے موجودات کے دائرہ سے
جو کہ حقیقت محمدی کے مظاہر ہیں الصلوٰۃ والسلام ؎

دریں دور آمد اول عین آخر

یعنے دائرہ موجودات میں جو مذکور ہوا اول جو عقل کل ہے اس کا
عین آخر کہ انسان ہے ہوا۔ یعنے عقل کل کی حیثیت انسانِ
کامل کی صورت میں تمام ہوئی۔ اور مظہر و ظاہر ایک ہوا اور نقطۂ
آخر اول سے متصل ہوا (مل گیا)۔ اور تمام کمال انسانِ کامل
کے نمود میں واصل ہو کر ظہور میں آیا ؎

میمے کہ در دو کون راجاست منم — آں قطرہ کہ صد ہزار دریاست منم
حمدے کہ بسر کہنہ او گر برسی — دروی ہمہ کتاب پیدا است منم

اور جب دعوت نبوت انبیاء علیہم السلام کا راستہ حضرت محمدی
علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وجود مبارک سے ختم پایا فرماتے ہیں
اور جب دعوت نبوت انبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وجود مبارک
سے ختم پایا فرماتے ہیں ؎

ز احمد تا احد یک میم فرق است — جہانے اندراں یک میم غرق است

احمد سے احد تک ایک میم کا فرق ہے — ایک جہاں اس ایک میم میں غرق ہے
حرف میم عدد میں چالیس ہیں اور مراتب — موجودات اگرچہ ضروری ہو سے انحصار نہیں ہے

پس کلی رُو سے بھی چالیس ہیں۔ اور مجموعہ یہ چالیس مرتبہ کلی کا مجلی اور مظہر محمدی ہیں جو تعین اول اور عقل کل ہے۔ اور آنحضرت حقیقت کی حیثیت سے ظاہر اور تمام پر بھی اندازہ ہے اور میم احمد کو اسی بناء پر فرماتے ہیں کہ تمام مراتب کو بنیہ حقیقت محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اجزاء تمام ظاہر کے باطن میں آنحضرت ہیں جن سے ظہور پایا۔

اور چالیس مراتب یہ ہیں۔

عقل کل جس کو روح اعظم اور تعین اول اور ام الکتاب کہتے ہیں۔ نفس کل۔ کہ لوح محفوظ اور کتاب مبین اور طور کہتے ہیں۔ ھیولیٰ اھیا اور کتاب مسطور اور ورق منشور نام رکھتے ہیں۔ صحبت کلیہ۔ جو افعال اور اسماء و آثار کا امید ہے۔ فلک اطلس چونکہ یہ عرش ہے کرسی جو ثوابت کا فلک ہے۔ ساتواں فلک۔ چھٹا فلک۔ پانچواں فلک۔ چوتھا فلک۔ تیسرا فلک۔ دوسرا فلک پہلا فلک۔ زحل جس کو کیوان بھی کہتے ہیں۔ مشتری جس کو برجیس بھی کہتے ہیں۔ مریخ جس کو بہرام بھی نام رکھتے ہیں۔ آفتاب جو کہ نیر اعظم ہے۔ ناہید جو زہرا ہے۔ تیر جو کہ عطارد ہے قمر جو کہ نیر اصغر ہے۔ حمل۔ ثور جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو۔ حوت۔ کرہ نار۔ کرہ ہوا۔ کرہ آب۔ کرہ خاک۔ جمادات۔ نباتات حیوان۔ انسان۔ یعنی تمام ہوئی گلشن راز سے دو بیت کی شرح جو ان کے ناظم حضرت محمود شبستری ہیں قدس اللہ سرہٗ العزیز۔

کلمہ ۹

اللہ و رب

فی الفرق بین الوہیت والربوبیت = الوہیت اور ربوبیت
بیان فرق کے بیان میں ربوبیت خدائی = اور ربوبیت پرورش
پالنا۔ اللہ۔ خدا۔ اور رب پروردگار عام کے ۹ اور لفظ اللہ
ہے جو حق سبحانہ تعالیٰ کے سوا دوسرے پر اس کا اطلاق منع اور نہیں
رحمٰن ورب عام ہے مثلی رجسم کے جیسا کہ کہتے ہیں رب المال اور
بیت اور رسل جیسے ۔ اور اصطلاح میں اہل نحو وغیرہ کے اللہ
اسم ہے خاص ذات حق کے لئے جو تمام صفات کا اور اسماء و
ل کا جامع ہووے۔ پس حق سبحانہ کو الوہیت کے مرتبہ کے اعتبار
یعنے تمام اسماء وصفات کی جامعیت اسم جامع کو اللہ کہتے
جیسا کہ تعریف میں اسم جامع اللہ کے لکھتے ہیں ۔ اللہ و
علیم ۔ الذات واجب الوجود المتجمع لجمیع صفات کمال
ہیں یعنے اللہ نام ہے خاص اس کی ذات کے لئے جو خود بخود موجود ہو
تمام صفات کامل کا جامع ہووے۔ اور صوفیا کی اصطلاح میں
ذات حق سبحانہ کو مع صفات حقیقتہ محضہ وصفات ذاتیہ
صفات افعالیہ وصفات انفعالیہ جو معلومات حق
ہیات خلق ہیں تفصیلاً اور تمیزاً مرتبہ الوہیت کہتے ہیں ۔

الوہیت کے معنے اولی اور معنے ثانی کے درمیان اتنا کچھ فرق نہیں ہے اور خواجہ بندہ نواز قدس سرہ جو معنے میں اللہ کے فرمائے ہیں "اللہ عبارۃ عن الھویۃ" (ترجمہ اللہ مراد ہے مرتبہ وحدت ولاہوت سے) جیسے کہ اس کی تفصیل تحریر میں آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور لیکن مشہور معنی اس جامع اللہ کے وہی ہیں جو اس ورق میں مرقوم ہوئے۔ اور حضرت شیخ عبدالکریم الجیلی قدس سرہ نے معنے الوہیت وربوبیت کے رسالہ انسانِ کامل میں ایسے لکھتے ہیں کہ "الالوھیت تقتضی فناء العالم فی عین بقائہ وبقاء العالم فی عین فنائہ یعنے مرتبہ الوہیت اقتضا کرتا ہے (یہ چاہتا ہے) فنائے عالم کو عین بقائے عالم میں اور نیز چاہتا ہے بقائے عالم کو عین فنائے عالم میں فمن حیث تجلی الالوھیت لیس الا الحق وصورۃ الخلق ۔ ترجمہ:۔ پس جہاں تجلی الوہیت کی نہیں ہے مگر حق یعنی حق ہی ہے اور صورت خلق کی ۔ پس الوہیت کی تجلی کے اعتبار سے نہیں۔ مگر حق اور اس کے ظہور کی صورتِ خلق ۔ و لیس الا الخلق ومعناہ الحق (یعنی) اور نہیں ہے مگر خلق اور باطنی معنے اس کے حق وربوبیت التقلب لبقاء العالم بظہور اسماء الحق واوصافہ ۔ اور ربوبیت طلب کرتی ہے بقائے عالم کو ظہور اسمائے حق اور اس کے اوصاف کے سبب سے فمن حیث تجلی الربوبیتہ خلق وحق لوجود الخلق ووجود الحق

ترجمہ:۔ پس جہاں تجلی کی ربوبیت خلق اور حق ہیں وجود خلق اور وجود حق ہے پس مرتبہ ربوبیت تجلی اور ظہور کے اعتبار سے خارج میں خلق ہے وجود خلق سے اور حق ہے وجود حق سے۔ یہہ نقل کیا کتاب انسان کامل سے۔

کلمات قول و اقوال

ایک کامل جو فرماتے ہیں۔ انا اقل من ربی سنتین میں اپنے پروردگار سے دو سال کمتر ہوں۔ دو سال سے مراد۔ وجوب وجود۔ اور قدس، قدم ہوگا یعنی حق سبحانہ تعالیٰ خود بخود موجود ہے اور اپنی موجودیت میں امر بائد کا محتاج نہیں ہے۔ اور اسی معنے سے حق سبحانہ تعالیٰ کو واجب الوجود کہتے ہیں اور خدائی کے معنے بھی یہی ہیں یعنے خود آئندہ (خود آنے والا) یعنے خود بخود موجود ہونے والا۔ حاصل یہہ کہ میں جو عبد ہوں بخود موجود نہیں ہوں بلکہ حق کے حقیقی وجود سے موجود ہوں کہ وجود تا قیہ و قیامتا بہ یعنی ہمارا وجود اور قیام اسی سے ہے۔ پس حق سبحانہ کی صفت ذاتیہ واجب الوجود ہے اور حقیقی صفت میری امکان ہے

عین ممکن بہ پیش چشم شہود نیست فی حد ذاتہ موجود

چشم شہود و مشاہدہ کی آنکھ یعنے اہل شہود و اہل کشف کے نزدیک

عین ممکن اپنی ذات کی حیثیت سے موجود نہیں ہے (عین ممکن اپنی ذات سے آپ موجود نہیں ہے) اور اس کا اسم واجب اور میرا نام ممکن اور مراد دو سال سے قدم ہووے یعنی حق تعالیٰ کی صفت حقیقت قدم ہے اور عبد کی صفت ذاتی حدوث یعنی بنا پیدا ہونا ہے۔

سوال: اگر کہے کہ ذاتِ ممکن ذاتِ واجب کی طرح ازل سے اور بے جعل جاعل (بنانے والے کے بنائے بغیر) ہووے اگرچہ عالم شہادت میں حادث ہوئے ؎

تو گر علمی قدیم جستی چناں بود	دگر حادث برآوردی سماں بود
تو جو علم قدیم کو تلاش کرے وہ ایسا ہے	اور اگر حادث کو نکال دے تو وہی رہے

آیۂ کریمہ مرج البحرین یلتقیان۔ خلائق کے حقائق قدیم ہونے اور ممکنات کی ماہیات پر گویا ہے۔

جواب: میں کہتا ہوں ہاں اگرچہ ذات واجب تعالیٰ اور ذاتِ ممکن ہر دو عالم غیب میں باہم اور بے جعل جاعل ہیں۔ لیکن تقدیم رتبی یعنی تقدم کا رتبہ خاص ذات واجب تعالیٰ کے لئے ہے۔ اور تاخیر رتبی یعنی تاخیر کا رتبہ خاص ذات ممکن کے لئے ہے اس بناء پر صفتِ قدیم مخصوص واجب تعالیٰ کی ذات کے لئے ہے کہ کوئی قدم اس کی ذات کی قدامت کو نہ پہونچے پس اگر انسان کامل کہے کہ میں دو سال (یعنے دو صفت جو

واجب وجود اور قدس قدم ہوئے) حق سبحانہ تعالیٰ سے کمتر ہوں اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔

کلمہ ثبوتِ علم

فی بیان ھذا البیت۔ اس بیت کے بیان میں ۵

چہ خوش گفت بہلول فرخندہ فال　　　کہ من از خدا پیش بودم دو سال

جانئے کہ یہ مشہور بیت سابق میں مذکورہ مقولہ سے زیادہ مشکل ہوئے۔ لیکن مقدور کے موافق اس کم ذہن کے قلب میں جو ہو گزرے ان سطور میں ارقام ہوتا ہے جانئے کہ مرتبہ احدیت (اور غیب ہویت منقطع الارشادات و مجہول النعت ولا تعین، اور بطون کا باطن اور مطلق کا مطلق اور غیب الغیب اور وراء الورا ہے۔ اور تمام نسب اور نسبتوں اور مثالین اور اعتبارات سے بالذات منزہ اور معرا و مقدس و مبرا ہے نہ کسی گفتگو اور جستجو (تلاش) کو اس میں گنجائش اور نہ کوئی صاحب کمال یعنے نبی اور ولی کو اس سے فہم اور خیالیش اور اگر چہ فی نفس الامر (یعنے واقعیت میں) نشا دکل ہے لیکن قطع نظر توجہ سے عالم ظہور اور تنزل معنوی ہیں اس سے خموشی ہوئے لیکن حکمات کی ذاتیں اور اشیاء کی حقیقتیں مرتبہ وحدت میں جو تعین اول ہے۔ فقط

اندماج (دخول) رکھتے ہیں اگرچہ تمیز علمی و عینی حق سے اور
اپنے یک دوسرے سے تحقیق پائی نہ تھی جیسے کہ مولوی حاجی قدس
سرہ نے فرمایا ہے ؎

بود اعیانِ جہاں بے چند و چون — ز امتیازِ علمی و عینی مصون
عالم کے اعیان حکمات چند و چوں تھے — علم و عینی امتیاز سے محفوظ تھا

نی بلوحِ علم شاں نقش ثبوت — نے ز فیضِ خوانِ ہستی خوردہ قوت
صفحہ علم پر ان کے ثبوت کا کوئی نقش — نہ ہستی کے دسترخوان کے فیض سے غذا اٹھائے ہوئے

نی ز حق ممتاز و نی از یکدگر — غرقہ در دریائے وحدت سربسر
نہ حق سے امتیاز پائے اور ایک دوسرے سے — دریائے وحدت میں سراسر غرق ہے

اسی معنے میں بھی لسلسلۃ الذھب میں فرماتے ہیں۔

بود اعیان با سماصفات — مندرج در نخست رتبہ ذات
اعیان اسماء و صفات کے ساتھ پہلے ہی — رتبہ ذات میں مندرج (آمیز) تھے

وحدتِ صرف و ہستی ساذج — بود این با ہمہ درو مدرج
صرف وحدت اور سادہ ہستی — یہ تمام اس میں لپٹے ہوئے تھے

اور مرتبۂ واحدیت میں جو تعین ثانی ہے — حق سے اور ایک دوسرے سے تمیز علمی پائے

حقائق الاشیاء یعنے اشیاء کی حقیقتیں ثابت ہیں مرتبہ علم میں جیسا
کہ سابقہ تین بیت کے بعد فرماتے ہیں ؎

ناگہاں در جنبش آمد بحرِ جود — جملہ را در خود ز خود با خود نمود
یکایک حرکت میں آیا دریائے جود سخا — تمام کو اپنے میں اپنے سے اپنے ساتھ نمود میں لایا [1]

پس دو سال سے مراد مرتبہ وحدت اور واحدیت ہے۔ اور خدا کنایہ ہے۔ مرتبہ الہیت سے وہ مراد ہے دو قوس سے اور ایک برزخ ہو وئے۔ ایک قوس وجوب یعنے حقائق اور اسمائے کلی الہی۔ دوسرا قوس امکانی یعنے حقائق و اسمائے کیانی کلی۔ جو ہر دو کو صفات افعالی اور صفات انفعالی بھی نام رکھتے ہیں اور ان دونوں کے درمیان برزخ حقیقت انسانی یعنے سبع صفات ذاتی ہے جو ان کو امہات بھی کہتے ہیں۔

حاصل کلام یہہ ہے کہ بندہ کہتا ہے کہ میں یعنی ذات وحقیقت میری عالم غیب میں مرتبہ الہی سے پہلے ہے۔ جو مرتبہ وحدت میں مندرج یعنی لپٹی ہوئی تھی اور مرتبہ وحدت میں مندمج ملی ہوئی) تھی اور مرتبہ احدیت اور غیب ہویت میں زندانی تھی۔

اندراج۔ اندماج و استغنان میں فرق نہایت دقیق ہے پس سمجھو اس کو اور غور کرو۔

کلمہ ۱۲ ظہور اسم وحق

حضرت خواجہ بندہ نواز قدس سرہ نے کتاب اسماء الاسرار میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کے معنی میں فرماتے ہیں کہ اللہ

مصدر موجودات (مصدر بمعنے جائے ورود اور جائے بازگشت)
اور اضداد کا مصدر ہے مبداء اور منتھا یہ دونوں دلالت کرتے ہیں
(انہ ھو یبدی ویعید) یعنی اپنے سے آپ پیدا کرے
اور اپنے میں باز گردانی کرے۔ اجمال سے تفصیل میں لائے اور پھر اجمال
میں لوٹائے جانے اس معنے کے متعلق علماً بھی اسم اللہ کی تعریف
ایسی فرمائے ہیں کہ "اللہ" دہ علم ہے (یعنی علم و اسم جامد سے معرفہ
ہے جو کسی شخص یا شئے معین کا نام ہو۔ جامدہ اسم ہے جو نہ کسی کلمہ سے
بنائے اور نہ اس سے کوئی کلمہ بنے) ذات واجب الوجود کے لئے جو
جمع کرنے والا تمام صفات کمال کا ہے۔ پس اس معنے میں صفات
حق بھی اسی ذات کے ساتھ ملحوظ رہیں۔

دوسرے معنی حضرت بندہ نواز قدس سرہ سے اللہ عبادت
ہے ھویت سے پرے (ھویت ۔ مرتبہ وحدت لاہوت ذات باری)
جانئے کہ اللہ اسم ذاتی ہے نہ اسم صفاتی۔ اگرچہ کہ ذات تمام
صفات و کمالات کا جامع ہوئے اور صفات کبھی ذات سے
منفک (جدا) نہیں ہوتے ہیں۔ لیکن علم میں یعنے اسم ذات و صفات
ملحوظ نہیں ہیں۔ جیسا کہ "زید" تعین تشخص ذاتی ایک مرد ہے
اور وہ اس کی ذات سے مخصوص ہے۔ اگرچہ زید کی ذات تمام صفات
و کمالات پہ یعنے حیات و علم و ارادات و قدرت و سمع و بصر و کلام
اور نقاشی اور کاتبی و مصوری و لوہاری و درزی و ستاری و عمارت سازی

اور تجارت اور مثل اس کے موصوف ہے۔ لیکن اسم زید ذات زید کے لئے موضوع ہے فقط نہ اس کے مذکورہ صفات کی وجہ سے پس معلوم ہوا کہ اللہ علَم یعنے اسم ذاتی ہے خاص حق سبحانہ تعالیٰ کا نہ اسم صفاتی اور افعالی قول قدس سرہ کا الرحمٰن الرحیم یہہ مشتق ہیں رحمت سے معنے میں العفو والعطف انتہی یعنی رحمٰن ورحیم ہر دو اسم مشتق ہیں رحمت سے معنے میں مہربانی اور بخشش کے الرحمٰن بالتوفی۔ توفی تحت میں کسی سے دوستی رکھنا اور کسی دوسرے کے کام کے لئے خود آمادہ ہونا ہوئے۔ پس حق سبحانہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دوست رکھ کر پیدا کیا اور ان کے کام کے لئے یعنی ان کے دنیا و آخرت کے امور کے لئے آمادہ ہوا۔

گویا کہ یہ دوستی رکھنا اور ان کے کاموں کا متولی ہونا اپنے اسماء کمالات کے ظہور کا باعث اور دوسری حکمتیں اور مصلحتیں جو وہ تعالیٰ جانتا ہے ہوا کریں گے الرحیم بالتسلی۔ رحم تسلی کے لئے اور یہاں تسلی بخش جو خود فرمایا اللہ لطیف لعبادہ اللہ مہربان ہے اپنے بندوں پر لاتقنطوا من رحمۃ اللہ۔ ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا اللہ کی رحمت سے نا امید مت رہو تحقیق اللہ تعالیٰ تمام گناہوں کو معاف کر دیتا ہے او سبقت رحمتی علی غضبی (اور سبقت کرتی ہے میری رحمت میرے غضب پر) وایضاً فی الحدیث القدسی انا عند ظن عبدی بی فلیظن کیف

لیشاء (میں اپنے بندے کے ظن کے قریب ہوں وہ میرے لئے گمان کرتا ہے جیسے وہ چاہے۔

وایضاً حدیث من علم ان لہ ربا ذا قدرۃ علی مغفرۃ الذنوب غفرت لہ ولا اُبالی وفی روایۃ غفرت لہ وان لم یستغفر ولا یمنع من الایمان شئی ومن قال لا الٰہ الا اللہ دخل الجنۃ ۔ والکریم ۔ لذا ادعی وفا با مثال الیہ اور اس جیسے جو تمام دلالت کرتے ہیں مومنوں کی تسلی اور تشفی پر رکھتے ہیں۔

الرحمٰن بالتجلی یعنے ظہور حق کے اعتبارات سے ممکنات کی صورت میں جو رحمت عام ہوئے اس کو رحمٰن کہتے ہیں۔

والرحیم بالتجلی ۔ اس حیثیت سے کہ خالی بنانا حق تعالیٰ کا اپنے خاص بندوں کے اسرار و ابصار کو اپنے ماسوا کے وجود موہوم جاننے اور دیکھنے سے جو رحمت خاص ہی ہے اس کو رحیم جانتے ہیں۔

الرحمٰن بالتخلی ۔ خصوصاً خلائق کو زیور بنانے کا اعتبار یعنے ان کے ظاہر کو آراستہ کرنا اس سے مراد ہے ترکیب و ترتیب اور موافق بنانا قلوب اور اجسام اور تصویر اور تشکل وصور توں کو ان کے جو ہیں اس کو رحمٰن کہتے ہیں۔

والرحیم بالتخلی ۔ نملی نعت میں سخت نزدیک

ہوتا ہے۔ (نہایت نزدیک ہونا) یعنے جبکہ باری تعالیٰ خصوصاً عارفانِ آگاہ کو شغلِ ماسوا سے باز رکھنے اور کمال لطف اور عنایت کے ساتھ بارگاہِ قرب اور اپنے حضور میں لیوئے اس کو رحم نام رکھتے ہیں۔ ع

قربِ عشق و وحی جو بندا ایں کرام

یہ بزرگوار عشق اور وحی کی قربیت تلاش کرتے ہیں

الرحمٰن بالشکل۔ جسمِ عنصری کی کثیف مادی ہیئت کی تشبیہ و تشکل کے اعتبار سے اس کو رحمٰن کہیں۔

والرحیم بالمثل۔ تجلی و ملبوس بلباس اور صورت جسدِ لطیف مثالی و روحانی حیثیت سے اس کو رحیم جانتے۔

الرحمٰن بالقربت = رحمٰن قربت کے ساتھ۔ یعنی زیادہ قریب اور قریب سے قریب تر ہونا باری تعالیٰ کا اپنے بندوں سے جو اذا سألک عبادی عنی فانی قریب

ونحن اقرب الیہ من حبل الورید۔

ونحن اقرب الیہ منکم اور مثل اس کے اس کا بیان کرتا ہے اس قربیت کے اعتبار سے وہ رحمٰن ہے ؎

قربِ حق و رزق بر خلق است عام

حق کا قرب اور رزق خلق پر عام ہے

والرحیم بالوحدت۔ تعلیم اور تفہیم کی حیثیت سے

مثلہ وحدت وجودی علم الیقین کے ساتھ باتیاد اعطاء دنیا اور عطا کرنا)
مرتبہ وحدت شہودی عین الیقین کے ساتھ رحیم ہوئے۔

الرحمن بالایصال۔ یعنی پہونچانیکا اعتبار متجددوں کو
مرتبہ کمالی ظاہری پر مثلاً نطفہ سے علقہ کو اور علقہ سے مضغہ کو اور
مضغہ سے عظام ہڈیوں کو اور عظام سے لباس لحم کو اور بعد اس کے پھونکے
اپنی روح کو اور اس سے طفلی کو اور طفلی سے کودکی اور اس سے عقل بلوغ
اور جوانی اور اس سے کہلی یہ ادھڑپن) اور اس سے پیری (بوڑھاپا) کو
الیٰ ماشاء اللہ رحمن ہے۔

والرحیم بالاتصال۔ اور رحیم اتصال کے ساتھ کہ لا
تحاد حال "لا یعبر ملبسات المقال اتحاد وہ حال ہے
زبان گویا سے اس کی تعبیر بیان نہیں ہوتی یعنی زبانِ مرشد کے بیان
یہہ ہے سہ

اتصالی بے تکیف بے قیاس	ہست رب الناس را باجان ناس
اتصال چگونگی اور قیاس واندازہ سے باہر ہے	انسان کے رب کو انسان کی جان کے ساتھ اتصال ہے

اس سے اشارہ ہے اور لغت میں اتصال پیوستن یعنی ملنا ہوئے۔
اور یہاں مراد انفصال دہندہ از غیر خود یعنی جدائی دینے والا اپنے
غیر سے اور اتصال بخشنے والا اپنے میں ہووے اصطلاحی رو سے سہ

وصال اینجا بیک رفع خیال است	جو غیر از پیش برخیزد وصال است
وصال یہاں مرتبہ ہی کہ ایک خیال کو اٹھانا ہے	جب غیر اپنے سامنے (یعنی اپنے خیال سے)

ہٹ جائے وہی وصال ہے۔ خواہ علم کی رُو سے خواہ حال کی رو سے فنا تی و تحمل۔ پس غور کریں اور عمل کریں۔

۱۳ تکملہ شرابِ سلوک

در معنے بیت لسانی روزواحد بے انباز خواجہ حافظ شیراز قدس سرہٗ روز دار زبان وہ یکتا جس کا کوئی ثانی نہیں یعنے خواجہ حافظ شیرازی قدس سرہٗ کی بیت کے معنے میں سے

نگو یمت کہ ہمہ سال مے پرستی کن — سہ ماہ مے خور و نہ ماہ پارسا می باش

ترجمہ: میں تجھ سے یہ نہیں کہتا ہوں کہ سال بھر شراب نوشی کیا کر — تین ماہ شراب پی اور نو ماہ پارسا بنے رہ

جاننے کہ شراب خواری مستی و سرشاری کا باعث ہے اور پارسائی ہوشیاری و خبرداری سے تعلق رکھتی ہے۔ اور اس مقام پر تین ماہ شراب خواری سے کنایہ تین فنا حاصل کرنا ہوئے۔ فنافی الشیخ[۱]۔ فنا فی الرسول[۲]۔ فنا فی اللہ[۳] علمی و حالی رُو سے اور نو ماہ سے اشارہ ہے نو لطون سے تین مرتبہ داخلی شیخ اور تین مرتبہ داخلی رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور تین مرتبہ داخلی حق سبحانہ تعالیٰ اور پارسا بننا اس سے مراد حفظِ مراتب ہے۔ اثبات وحدت الوجود کے باوجود جو محققین کا دستور ہے۔ یعنے میں نہیں کہتا ہوں کہ تو تمام سال یعنی تمام عمر محویت فنا میں فقط صرف کر بلکہ اول فنا کو جو تین مرتبہ سے

زیادہ نہیں ہے علماً یا حالاً حاصل کر اس لئے کہ ؎

ہیچ کس را تا نگردد او فنا نیست رہ در بارگاہ کبریا
(خواہ کوئی شخص بھی جب تک وہ فنا نہ ہو بارگاہ کبریا میں
پہنچنے کے لئے اس کو راستہ نہیں ہے)

اس کے بعد مرتبہ لقا باللہ جو محو کے بعد صحو یعنی گم دمستی کے بعد ہوشیاری ہے فائز ہو کر اس کے نتیجہ وہ ثمر کو پہنچ و لبطون کے سر مکنوں (خفیہ راز) کو جیسے کہ چاہئے پائے اور حفظِ مراتب کو یعنی خلق کو داخل حق اور حق کو داخل بلکہ درجان ذاتِ حق کے (جو صرف وجود اور ہستی محبت ہے) اور درمیان ذوات ممکنات کے (جو لا موجود اور لا معدوم ہو وصل) باوجود اس کے کہ حق کے جملہ مراتب داخلی حق سے ہیں غیریت حقیقی اور عینیت مجازی میان عینیت مجازی اور وہ عینیت حقیقی لغوی اور غیریت مجازی اس کے اور اس کے درمیان توحید وجودی کے باوجود اپنے ذاتی عبدیت کے مرتبہ کو ثابت رکھ کر معبود حقیقی کی عبادت میں مشغول رہ ۔ مقید اور مطلق (دو نو حیثیت سے) جو پارسائی اور پرہیزگاری بھی یہی ہے ۔ اور صحو اور ہوشیاری سے تعلق رکھنے نہ مستی و بے خودی سرشاری سے واللہ الموفق واللہ توفیق دے ۔

کلمۂ علمی حق [۱۲]

مثنوی شریف کے ایک بیت کے (جو مشہور و معروف ہے) معنے میں

علم حق در علم صوفی گم شود — این سخن کی باور مردم شود

حق تعالیٰ کا علم صوفی کے علم میں گم ہو جائے — اس بات کا لوگوں کو یقین کب آئے

جاننے کہ علم حق سے مراد ترکیب اضافی کے اعتبار سے علم شریعت ہووے اس لئے کہ ملت بیضا (روشن مذہب) کا بنانے والا اور بہترین شریعت کا جاری کرنے والا حقیقت میں مولیٰ تعالیٰ ہے۔ یا علم حق علم شریعت ہو جئے ترکیب وتوصیفی حیثیت سے درست اور صحیح کے معنے میں جو ضد ہے باطل کا (جو جھوٹ اور بے اصل ہے) "الاسلام حق" والکفر باطل (اسلام حق اور سچ اور کفر جھوٹ ہے دلیل یہ ہے کہ یہہ علم یعنے علم شریعت جو مذکور ہوا۔ غیر و غیریت کثرت دوئی اور ہمہ از وست کو لازم قرار دیتا ہے یعنے اثبات وجود دو وجوہ سے کرتا ہے ایک واجب الوجود دوسرا ممکن الوجود ــــــ

حاصلش وحدت مقید دان — اس کا حاصل وحدت مقید جان

اگر علم صوفی سے مراد علم حقیقت ہووے — اگرچہ علم حقیقت بھی بے شک وشبہہ علم عالم الغیب والشہادت ہی ہے مذکورہ معنوں کے ساتھ لیکن صوفی سے اس کی نسبت اس لئے کی گئی ہے کہ وہ نہایت گہری محبت

اور اشتیاق اور نہایت کوشاں اور اسی تصور میں غرق ہو کر اس کے تحصیل اور تکمیل اور تحقیق اور نکتہ رسی میں اپنی توجہ کو مصروف رکھ کر جب تک زندہ رہے تعلیم اور تلقین طالبوں کی کرتا رہے۔ اور علم شریعت اور اس پر عمل دل وجان سے تابع مجتہدان الشکر اللہ سعیہم بنا رہے اور یہ علم یعنی علم حقیقت جو تحریر میں آیا ہے وحدت و یگانگی و عینیت اور ہمہ اوست کا مقتضی رہے یعنے ایک وجود کا اثبات دو ذات میں کرے یا اثبات دو موجود کرتا ہے ایک وجود سے ؎

وحدت مطلقہ است حاصل آں

اس کا حاصل وحدت مطلقہ جانے

پس فرماتے ہیں کہ علم حق یعنی علم شریعت جو غیریت و بیگانگی کا مقتضی ہے صوفی کے علم میں (یعنے علم حقیقت جو کہ وحدت و یگانگی کو لازم قرار دیتا ہے گم ہووے یعنے چاہیئے کہ مغلوب و مستغرق ہو جائے۔ یہاں تک کہ سالک مرتبۂ وحدت وجودی یا توحید شہودی پر فائز ہووے۔ یعنے اینک وہ علم بیگانگی جس کو فرق کہتے ہیں غالب تھا اور علم یگانگی جس کو جمع کہتے ہیں مغلوب و الحال چاہیئے کہ راہِ مولیٰ کے سالک جہد کامل اور مزید کوشش کے ساتھ دعویٰ کرے کہ علم بیگانگی گم ہو یعنی مغلوب ہو جائے اور علم یگانگی غالب رہے تاکہ مرتبۂ جمع حاصل آوے اور بعد اس کے مقام جمع الجمع پر پہونچے جو اوس سے اعلیٰ ہے پس فہم کریں اور اعمال و توصل میں غور کریں۔

غرق چہ بود عین غیر انگاشتن
فرق کیا ہے عین کو غیر سمجھنا
جمع غیرش را عدم پنداشتن
جمع وہ ہے کہ اس کے غیر کو عدم جاننا

صاحب تقلید اہل فرق دان
اہل فرق کو صاحب تقلید جان
کو ندید از حق درین عالم نشان
کیونکہ وہ نہیں دیکھتا ہے حق تعالیٰ کی کوئی نشانی اس عالم میں

ہر کہ گوید نیست کلی ہیچ غیر
جو شخص یہ کہے کل کوئی غیر نہیں ہے
در یقین او ہست مسجد عین دیر
اسکے یقین میں مسجد عین دیر (اور دیر عین مسجد ہے)

صاحب جمع است و پیشش نیست فرق
جو صاحب جمع ہیں اُنکے پاس کوئی فرق نہیں ہے
جان او در بحر وحدت گشتہ غرق
ان کی روح بحر وحدت میں غرق ہو گئی ہے

جمع جمع است آنکہ بیند حق عیان
جمع الجمع وہ ہے کہ حق کو عیاں دیکھے
در مرایائے ہمہ فاش و نہان
تمام آئینوں میں ظاہر اور باطن

صاحب این مرتبہ کامل بود
اس مرتبہ کے رکھنے والے کامل ہوویں
زانکہ این آن ہر دو را شامل بود
اسلئے کہ یہ اور وہ افرق وجمع دونوں کے شامل ہووے

اور اسی معنے میں مولف کی ہے۔

غزل

جمع سنگ و فرق در رنگ زجاج
پتھر اور شیشہ کے رنگ میں جمع اور فرق کرتا
تو چہ دانی یا ختن اے ذو المحاج
اس تفصیل کو تو کیا جانے اے حجت طلب کرنے والے

جمع جمع آمد صراط مستقیم

جمع جمع یہہ صراطِ مستقیم ہے
داں یکے بے دیگرے بار عوجاج
اُن سے ایک بجز دوسرے کے ٹیڑھی رہے
شہر زہ شیر بیشہ وحدت بود
وحدت کے صحرا شیر شہر زدہ ہوئے
عارف وہ دوں حق پیش نہ جاج
عارف وہ ہے جس کے آگے سوا حق کے سب شیشہ و کانچ ہے
مردہ دل را زندہ سازد صحبتش
اس کی صحبت مردہ دل کو زندہ بنائے
جوزہ از بیضہ بروں آدود و جاتج
جیسے کہ مرغ بیضہ (انڈا سے) جوزہ کو نکالے
تا نگردد سقمت از صحت بدل
جب تک تیری بیماری صحت سے بدل نہ ہو
عذب را کئے باز یابی از اجاج
خوشگوار لذت کب پاوے تو تلخ ذائقہ سے
کئے کنی نظارہ شہرستان دل
دل کے شہرستان کا نظارہ تو کب کر سکے
از ہوا انگیختی گرد عجاج
ہوا و ہوس کے گرد و غبار اس کے اطراف تو نے اٹھوا لیا ہے

ہین میرا راز خود بخود دیگر مگر در

جہد کر کمال اپنے سے آپ دوسرے کا دست گرفت ہین

بچونہ پستان ددھال شیر و حجاج

جتنے پستان ودھان سے دودھ اور اس کا لعاب

اقرب طرق است مسلک شاہ میر

سب سے قریب کا راستہ ہے طریقہ شاہ میر کا

تش آمدہ گرچہ لا تحصی فجاج

انکی طرف آیا ہے اگرچہ تو ان دوستوں کو شمار نہیں کرسکتا ہے

گو کما لا بہر ایفا خط بنام

کہدے اے کمال نیندوں کے بیدار کرنے کے لئے

گرچہ کشفت نیست بہ غیر احتجاج

اگرچہ کہ تیرے انکشافات غیروں کے لئے حجت نہ ہو

کلمہ ۱۵ راز عشق

(ابیات)

درمیاں معنے ابیات نزہت الارواح

نزہت الارواح کے ابیات کے بیان میں

عشق را بو حنیفہ درس نگفت
عشق کو حضرت امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ درس نہیں فرمائے
شافعی را از و روایت نیست
حضرت امام شافعی رحمتہ اللہ علیہ سے کوئی روایت نہیں ہے
حنبلی از ہر عشق بے خبر است
حضرت امام حنبل رحمتہ اللہ علیہ اراز عشق سے بے خبر ہیں
مالکی را درو درایت نیست
حضرت امام مالکی رحمتہ اللہ علیہ کو اس میں کوئی سمجھ نہیں ہے
عشق را بو حنیفہ درس نہ گفت
عشق کو حضرت ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ درس نہیں فرمائے

یعنے اس کی تعلیم نہیں دیئے درس فرمانے سے مراد ظاہر کرنا ہے یعنے
ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ عشق کو ظاہر اور بیان نہیں فرمائے اس لئے
کہ حدیث میں وارد ہوا ہے

من عشق وکتم وعف ومات فھو شہید
یعنے کہ عاشق ہوا اور عشق کو پوشیدہ رکھا اور پرہیزگاری
کی اور مر گیا پس وہ شہید ہے۔

یہہ نہیں کہ وہ رضی اللہ عنہ تو کی تعالی کے عشق و محبت سے
خالی تھے حاشا ثم حاشا یہہ ہرگز نہیں پناہ خدا
بلکہ حوصلہ فراخ رکھتے تھے کہ اتنا کہ عشق کی پوشیدگی اس سے

واقع ہوئی۔ جیسا کہ حکایتِ منصور اور اس کی بہن قدس سرہٗ کی مشہور اور معروف ہے مذکور مدعا پر دلیل قاطع اور حجت بلند اور روشن ہے ؎

حافظا طریقِ رندی از محتسب بیاموز | مست است در حق او کس این گمان ندارد

اے حافظ تو رندانہ طریق محتسب سے سیکھ | وہ خود شراب سے مست ہے
اس کے حق میں کوئی یہ گمان نہیں کر رہا ہے | یعنے وہ اپنے متوالا پن کو ظاہر ہونے نہیں دے رہا ہے

مردان رہش میل بہ ہستی نکنند | خود بین و خویش پرستی نہ کنند

راہِ توحید۔ یعنی راہ عشق کے مرد اپنی ہستی کی طرف توجہ نہیں کرتے ہیں یعنی خود بینی اور خود ستائی (اپنی تعریف آپ ہی کر لینا) نہیں کرتے ہیں ؎

آں دم کہ شراب شوق گیرند بکف | خمخانہ تہی کنند و مستی نکنند

جس وقت کہ وہ شراب شوق (یعنی شراب عشق کو ہاتھ میں لے لیتے (مقام عشق میں آجاتے ہیں) کو ہاتھ میں لے لیتے ہیں تو شراب خانہ خالی کر دیتے ہیں مستی یعنی نشے کو ظاہر نہیں ہونے دیتے۔

شافعی از و روایت نیست۔ حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی اس سے کوئی روایت نہیں ہے۔ روایت کرنے سے مراد ظاہر اور آشکارا کرنا ہے پس جو چیز کہ مخفی رکھنا اوس کا نیک اور مناسب ہے۔ درس کہنا یعنی ظاہر کرنا اور بیان کرنا اس کا زبون اور برا ہوگا مگر حالتِ سکر اور غلبۂ استغراق میں کہ ان اللہ لا یواخذ العشاق بما صدر منھم (تحقیق اللہ تعالیٰ عاشقوں سے جو صادر ہوتا ہے (یعنی غلطی) اس کا مواخذہ نہیں کرتا ہے۔

ہرچہ از دیوانہ آید در وجود — عفو فرمایند از دیوانہ زود

جو کچھ غلطی دیوانہ سے ظاہر ہوتی ہے — اس دیوانہ سے وہ غلطی کو فوراً معاف کردیتے ہیں

اور باوجود اس کے مشفقانہ خطاب اور کریمانہ عنایت سے اس کو سرچڑھاتا ہے ؎

خوردی می ما از جام لیلیٰ — خواندی ما را بنام لیلیٰ

جو شراب کہ تونے پی ہے وہ ہماری اور پیالہ لیلیٰ کا — جو لیلیٰ کے نام سے پکارا ہے

وہ ہم ہی کو پکارا ہے۔ پس ختم کریں ؎

حنبل از سر عشق بے خبر است

حضرت امام حنبل رحمۃ اللہ علیہ عشق کے راز سے بے خبر ہیں یعنی حضرت امام احمد حنبل قدس سرہ ہمیشہ سے حق تعالیٰ عزوجل کے سوائے عشق میں ہمیشہ مست اور بے خبر اپنے اور اپنے غیر سے رہے ہیں ؎

نہ تو میں رہا نہ تو تو رہا جو رہی سو بے خبری رہی

مالکی را درروایت نیست۔ حضرت امام مالک قدس سرہ کو اس میں سمجھ نہیں ہے۔ درایت۔ لغت میں دانائی ہے ؎

چو عشق آمد از عقل دیگر گوی — کہ در دست چوگان اسیرست گوئی

جب عشق دلدار ہو تو عقل کی باتوں سے کچھ کہنا کیسے — جیسا کہ چوگان کے قبضہ میں گیند اسیر ہے

اس کو جیسا چاہے اور جدھر چاہے اڑا سکتا ہے اور گیند اوس سے بے خبر ہے۔ پس عشق و محبت میں عقل و دانش کارآمد نہ ہو۔

اگر تو کہے کہ عقل و دانائی فہم و سمجھ و اجتہاد (غور و فکر) و توحید دل کے

قطع نظر دین اسلام کے قواعد و احکام میں یہ بات پیدا کر نا عقائد و فقہ کے مسائل سے استخراج کر کے اور کلام ذو الجلال و الاکرام اور احادیث نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ضمن سے کیوں درست ہوئے۔

میں کہتا ہوں، یہ لوگ یعنی مجتہدان شکر اللہ علیہم۔ علم و تدبیر کی استواری و کفایت اور ملت بیضا کے اوامر کو رواج دینا اور شریعت آدمی کے احکام کو جاری کرنے میں درجہ کامل مرتبۂ اتم رکھتے تھے۔ لیکن مسئلہ عشق و محبت کو اپنانے میں درایت و روایت سے فارغ رہتے تھے ۔

بوالعجب سورتست سوا عشق ۔۔۔ چار مصحف درو ایک آیت نیست

سورہ عشق ایک عجیب سورت ہے ۔۔۔ چار مصحف بھی اسکے مقابل میں ایک آیت کی مقدار نہیں ہیں

یہ کیا بات ہے کہ ایک آیت بلکہ چاروں مصحف اس میں یعنی بیان عشق میں ہے یا اس کے معنی یہ ہو دیں کہ یہ عشق کا سورہ عجیب طویل وعظیم ہے کہ چاروں مصحف اس میں ایک آیت کے مقدار میں بھی نہیں ہیں۔ والسلام علی من اتبع الھدیٰ

ہم جو اگر تحریر شدہ ابیات سے مذکورہ معنی کے خلاف مراد نہیں لیں اور کہیں کہ ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ۔ اور شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور مالک رحمۃ اللہ علیہ واحمد رضی اللہ عنہم خدائے عزوجل کے عشق و محبت سے خالی تھیں، تو ان ہدایت مآب مجتہدین کی جانب میں بے ادبی و گستاخی ہے اور عیب و نقص ان کے تابعین

میں بھی جو کہ نہایت و کمال والے اور امت کے خاص افراد میں سے ہیں عائد ہوئے۔

نعوذ باللہ من ھذہ الاعتقاد الفاسد والزعم الکاسد۔

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی ایسے فاسد عقیدت اور کھوٹے قول و گمان سے۔

کلمہ[۱۷] مرج البحرین (سنگم)

روشن ضمیر آئینہ صفت صافی دلوں، روشن نفس و سخن فہموں معنی تک پہونچنے والوں پہ پوشیدہ نہ رہے کہ ایک وقت میں اس عاجز و قاصر کے قلب میں مختصر نکتہ مبارک و لطف معنی مستحسن موزوں کے ساتھ بطور واردات خطرہ پیدا ہوا۔ جب غور و گہرائی کے ساتھ ملاحظہ کیا (بمصداق خیر الکلام ما قل ودل ولم یمل)

بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مدلل ہو۔ اور اگر لکھا ہوا نہ ہو۔ تمام جوامع الکلم سے تصور کیا نہیں جا سکتا ہے۔

در پس آئینہ طوطی صفتم داشتہ اند — ہر چہ استاد ازل گفت بگو می گویم

آئینہ کے پیچھے طوطی کے مانند مجھے رکھتے ہوئے ہیں — جو کچھ استاد ازل نے کہا کہ کہہ وہی کہتا ہوں

اور وہ یہ ہے کہ حق ظاہر بصورت حقیقی اشیاء وہ اشیاء موجود بوجود حقیقی

حق تعالیٰ یعنی حق اشیاء کی حقیقی صورت سے ظاہر ہے۔ اور اشیاء
حق تعالیٰ کے وجود حقیقی سے موجود ہیں گویا یہ کہ کلام انتہائی صداقت
والا خبر و اطلاع دینے والا تنزیہہ و تشبیہہ و عین و غیر کے مرتبے
سے اور وحدت الوجود کی تحقیق اور حقیقتوں اور ذاتوں کا ثبوت
معنیٰ و مقتضیٰ ہوئے۔ جو مرج البحرین مراد اسی سے ہے۔ اور ہمہ
از وست کا حامل اور ہمہ اوست کا شامل جو ایمان شرعی اور اسلام حقیقی
اشارہ اسی پر ہے بلکہ اگر انصاف اور تمیز کو عمل میں لائے۔ اور تعصب
عیب گیری کے دائرہ سے نکل آوئے تو کہے کہ تمام مسائل عقائد کے لئے بجائے
(کتاب حقائق و دقائق کے لئے انتہا د کاتی) ہے جو اس باب میں ہے۔
والسلام علی من اتبع الہدیٰ۔ جس نے اس کی اتباع
کی ہدایت پائی۔

کلمہ حق شناسی

فی معنیٰ ہذا البیت۔ اس بیت کے معنیٰ میں

خوش گفت در بیابان رہبر دہان بیند عارف خدا نہ دارد کو نیست آفریدہ
اچھا کہا ہے ایک بھٹ سے دہقان نے جنگل میں خدا عارف نہیں رکھتا ہے کیونکہ وہ پیدا نہیں کیا ہے

جاننا چاہئے کہ عارف خدا نہ دارد میں تعقید لفظی واقع ہوئی ہے (تعقید تقدیم و
تاخیر لفظی یعنی لفظ کو اول یا آخر استعمال کرنا) یعنی خدا عارف نہ دارد۔

خدا عارف نہیں رکھتا ہے یعنی خدائے تعالیٰ اپنے سوا اپنا عارف نہیں رکھتا ہے یعنی نہیں پیدا کیا ہے ۔ لا تعریف اللہ الا اللہ ۔ یعنی خدا کو نہیں پہچانتا ہے ۔ سوائے خدا کے ۔ نہیں پہچانتا ہے خدا کو سوا خدا کے ۔

عارف خود ست و خود معروف   واصف خود خواست و خود موصوف

ترجمہ :۔ اپنا عارف خود ہی ہے اور خود ہی معروف ۔ عارف پہچانتے والا ۔ معروف پہچانا جانے والا = اپنا واصف خود ہی ہے اور خود ہی موصوف ۔ واصف تعریف کرنے والا موصوف تعریف کیا جانے والا ۔

اگر کہے کہ یہ بات کچھ معنی نہیں رکھتی ہے ۔ اس لئے کہ بارگاہ والا کے واصلان یعنی مولیٰ تعالیٰ کی حضوری کے عارفین اکثر من یحصیٰ دیکھی ۔ تعداد اور حد سے زیادہ ہیں میں کہتا ہوں با فضائے مطلب عَرَفتُ رَبِّی بِرَبِّی میں نے پہچانا میرے رب کو میرے رب سے تمام عارفین حق کو حق سے پہچانتے ہیں نہ از خود جیسے کہ خوارشمند کے نور کو خود سے دیکھے ہیں نہ کسی دوسری چیز سے اس لئے کہ نورٌ ظاھرٌ بنفسہ ومظھرٌ لغیرہ نور اپنے نفس سے ظاہر ہے اور اپنے غیر کو ظاہر کرتا ہے ۔ ہوئے مثنوی

آفتاب آمد دلیل آفتاب   گر دلیلت باید از وے رو متاب

آفتاب خود آفتاب کی دلیل ہے   اس کے ثبوت کے لئے دوسری تمثیل ہے ہی نہیں

اگر تو اس کی دلیل چاہتا ہے تو اس کی طرف متوجہ ہو۔ دوسرا ثبوت تلاش مت کر۔

گلشن راز ؟

زہے نادان کہ او خورشید تاباں بنورِ شمع جوید در بیاباں

وہ عجیب نادان ہے جو چمکدار سورج کو شمع کی روشنی سے صحرا میں تلاش کر رہا ہے

پس محقق ہوا جو کہ حقیقت میں حق تعالیٰ کو حق کی دانائی سے جانتا ہے اور اس کو اسی کی شناسائی سے پہچانتا ہے۔ بلکہ حق ہے جو اپنے کو ہر مرتبہ میں تنزیہہ اور تشبیہ سے اپنی جانتا ہے اور خود ہی پہچانتا ہے اس مرتبہ کے اقتضائے کے مطابق نہ کوئی حق کا غیر اس لئے کہ صفات کمال کا جاننے والا وجود مطلق ہے جو کہ حق کی حقیقت سے خواہ مرتبۂ وجود میں یا مرتبہ امکان میں۔ یہ صفات عنید سے نہیں جو بالذات عدم ہو دے اور اس کے ذاتی صفات نقصانات ان تمام سے ہیں اور جہل و نادانی پس فہم کریں۔

" دنیست آفریدہ " یعنی ایسا عارف جو حق کو ایسے پہچانتا ہے نہ حق سے یہ پیدا ہوا نہیں ہے یعنی یہ معدوم مطلق ہے۔

اور پہلا مصرعہ تو خلاصہ ہے اور شرح سے بے نیاز ہے دوسرے معنی یہہ ہیں کہ ع

عارف حزانہ دارد

خدائے تعالیٰ اپنے آپ عارف دوسرے کے جیسا نہیں ہے

یعنی دوسرے کا عارف ہونا محدود ہے) چنانچہ مثلاً عام لوگ آسمان
یا دریا کو تو جانتے اور پہچانتے ہیں طاقت بشری کی مقدار پر۔ لیکن جیسا
کہ آسمان یا دریا اپنے آپ کو آپ جانتے اور پہچانتے ہیں بساطت و اطلاق
یعنی پھیلاو اور کشادگی وغیرہ آدمیوں سے کوئی پہچانتے نہیں ہیں ۔
ایسا ہی کوئی عارف حق کو حق کے جیسا جو کہ اس کے پہچاننے کا حق ہے جانتا
اور پہچانتا ہے پیدا ہوا نہیں ہے۔ یعنی معدوم محض ہے فافہم اعلم
پس فہم کرو اور سمجھو ـــــ

اے برتر از خیال و قیاس و گمان و وہم
اے الٰہ العالمین تو پاک ہے بندار تصور اندازہ

از ہر چہ گفتہ اند شنیدیم و خواندہ ایم
اور گمان وہم سے اور اس سے جو کچھ کہ کہے ہیں ہم سنا اور پڑھا

مجلس تمام گشت بپایاں رسید عمر
مجلس برخاست ہوگئی اور انتہا کو پہونچی عمر

ما ہمچناں در اول وصف تو ماندہ ایم
اور ہم ابھی تیری پہلی ہی وصف یعنی تعریف میں

یعنی ہم تمام عمر تیری تعریف کرتے کرتے عمر ختم ہوا ہی ہے ابھی تیرا پہلا ہی وصف
بیان کرنے میں رہ گئے ہیں ـ

۱۸

کلمہ مستقل وجود

فی الغوثیہ ـ قال لی یا غوث اعظم
لیس لصاحب العلم عندی سبیل الا بعد انکارہ
(فرمایا خدائے تعالیٰ ـ اے غوث اعظم اہل علم کے لئے میرے تک کوئی

راستہ نہیں ہے مگر اس کے انکار کے بعد) اس قاصر وکوتاہ فہم کے خاطر میں گزرتا ہے یہ کہ گمان پیدا ہوتا ہے کہ علم سے مراد یہاں علم خودی ہے۔ نہ علم حق سبحانہ یعنی صاحب علم ظاہری جانتا ہے کہ میں موجود ہوں اپنے وجود سے۔ اور حق بھی موجود ہے اپنے وجود سے۔ اگرچہ حق تعالیٰ موجد یعنی میرا پیدا کرنے والا ہے لیکن مجھ کو اپنی قدرت کے کمال سے وجود بخشا ہے۔ اپنے وجود کے سوا۔ حق موجود ہے اپنے مستقل وجود سے اور میں بھی موجود ہوں اپنے غیر مستقل وجود سے جو وجود حق کا غیر ہے نہ اس کا عین

تحقیق اس تقریر سے تصویر کی دوئی حقیقتوں کی جدائی یعنی دو وجود ثابت ہوتے ہیں۔

از تنگ وجود خویش بہ تنگ آمدہ ام	یارب کرمے بعدم باز روم
اپنے وجود کے تنگی سے میں تنگ آگیا ہوں	اے رب کرم کر کہ عدم میں واپس لوٹ جاؤں
(یعنے اپنے وجود ذاتی کے وہم سے)	(تا کہ غلط فہمیوں سے نجات پا جاؤں)

رباعی

تا چند غلام کہنہ و نو باشم

کب تک نیا اور پرانا کے امتیاز کا غلام بنا رہوں

در کشمکش کنیز و بانو باشم

باندھی اور ملکہ کی کشمکش میں دکھ کر رہ جاؤں

خواهم کہ جاوداں با غمِ تو
میں ایک ایسا گوشۂ تنہائی چاہتا ہوں کہ ہمیشہ تیرے عشق کے غم میں
با دردِ درماں وسر بزانو باشم
بیہیر دامن میں لپیٹے اور سر زانو پہ رکھے رہ جاں
ہر جا کہ گذر کنم نوائے عشقت شنوم
جہاں میں گذر کروں راگ تیرے عشق ہی کی سنوں
بر خوانِ بلا صدائے عشقت شنوم
خوانِ بلا لیجئے آفات کا ویلا مجموعہ اپنے تیرے عشق ہی کی صدا میں سنتا رہوں
در دشت روم نفیر دردِ تو کشم
صحرا میں جاؤں بانسری تیرے درد ہی کی بجاؤں
با کوہ ایم صدائے عشقت شنوم
کوہ پیر بھی رہوں صدائے بازگشت تیرے عشق ہی کی سنوں

رباعی

گویم نفسے دراز من با تو اے دل
میں رنج ودکھ بھرا ہوا اے دل دراز نفسی کر رہا ہوں
گر شرط رہت پاس انفاس اے دل
تیری راہ کے شرط کو ملحوظ رکھکر پاس انفاس سکھایا ہوا اے دل

آں را کہ نہ حق شناس وحق بین باشد
ان افراد کو جو حق شناس اور حق بین نہیں ہیں
تا بتوانی مبین ومشناس اے دل
جہاں تک ہو سکے ان کو مت دیکھ اور مت دریافت کر اے دل

۱۹ کلمۂ تنزیہہ و تنبیہہ

حضرت عین القضات ھمدانی قدس سرہ کے خزاین معارف سے قصیدۂ گنجور کی بیت کے معنے ہیں۔

درشریعت ہر آنچہ ہست حلال ۔ درطریقت ہماں بود مردار
شریعت میں جو چیز کہ حلال ہے ؛ طریقت میں وہی مردار ہوئے

جانئے کہ یہاں لفظ ہر آنچہ سے تعمیم (عام طور پر) اور کلیت (تمام کے لئے) نہ سمجھا جائے بلکہ خصوصیت کے ساتھ اور بعض کے لئے مراد لینا چاہیئے۔ بعض اعتبارات اور احتمالات درست ہوا کریں گے نہ تمام وجوہات اور حیثیات کے لئے وہ یہہ ہے کہ دو وجود کا اثبات شریعت میں جائز اور صحیح ہے لیکن

درطریقت محظور و مستقبح ۔ طریقت میں خطرناک زبوں اور برا ہے
ہست این جملہ خرابی از دو ہست ۔ یہ تمام خرابی دوہست سے ہے

حضرت محمود تبریزی گلشن راز میں فرماتے ہیں۔

مثنوی

ہر آنکس راکہ مذہب غیر جبر است
جس شخص کا طریق غیر جبر (یعنے قدریہ) ہے
نبی گفتہ کہ او مانند گبر است
نبی صلعم نے فرمایا کہ وہ گبر کے مانند ہے
چناں کاں گبر یزداں اہرمن گفت
جیسا کہ وہ گبر یزداں اور اہرمن یعنے دو خدا کہا
ہمیں ناداں و احمق او و من گفت
یہہ نادان اور احمق یعنی وہ اور میں کہا
(مذہب گبر میں دو خدا ہیں۔ نیکی کا خدا یزداں۔ بدی کا خدا اہرمن)

ایضاً قال اھل الطریقۃ السلامۃ فی الوحدۃ ای سلامۃ الایمان الحقیقی فی اثبات وحدۃ الوجود والآفۃ بین الاثنین ای آفۃ الایمان الحقیقی توھم تثبیت الوجود وجودک ذنب لایقاس بھا ذنب

اہل طریقت نے فرمایا۔ سلامتی وحدت میں ہے یعنی ایمان حقیقی کی سلامتی وحدۃ الوجود کے اثبات میں ہے۔ اور آفت دوئی میں ہے۔ یعنے خطرہ ایمان حقیقی کا دو وجود کے وہم میں ہے تیرا وجود

گناہ۔ اور اسمیں قیاس نہیں کرنا گناہ ہے پس اس توجہ سے بیت کے معنے
درست ہوتے ہیں۔ اور اس کے برعکس جواز کا اندیشہ پایا جاتا ہے۔

در طریقت ہر آنچہ ہست حلال — در شریعت ہماں بود مردار

طریقت میں جو کچھ حلال ہے — شریعت میں وہی مردار ہے

اور وہ یہہ ہے کہ طریقت میں تشبیہ کی صفت کو حق سبحانہ تعالیٰ کے لئے
ثابت کرنا عین ایمان ہے لیکن تنزیہہ کے ساتھ بغیر اس کے یعنی
بغیر تنزیہہ کے درست نہیں۔ یہی ہے دستور محققین علیہم الرضون کا
اور شریعت میں فقط صفت تنزیہہ ہی کی تصدیق پر ایمان اور
اعتقاد رکھتے ہیں اور تشبیہ کی نسبت کو حق تعالیٰ کے لئے کفر اور الحاد
جانتے ہیں۔ پس مذکورہ توجہ کے ساتھ مرقومہ بیت کے برعکس معنی
بھی مرقوم درست ہوتے ہیں ؎

نفی آں یک چیز و اثباتش روا است

ایک چیز کی نفی اور اس کا اثبات جائز اور درست ہے

چو جہت شد مختلف نسبت دو تاست

جب رخ جدا جدا ہو جائے تو اس کی نسبت دو پہلو پر ہے

سوال۔ اگر تو کہے کہ اس صورت میں اہل طریقت و حقیقت کے (اہل شریعت کے مخالف)
اور اہل طریقت و حقیقت خلاف اہل شریعت کے نام
دیئے ہیں حالانکہ حضرت محبوب سبحانی معشوق ربانی رضی اللہ عنہ
وارضاہ ایسا فرماتے ہیں۔ کل حقیقۃ ردتہ الشریعۃ فہی

زندقہ والملائمۃ مع الکتاب والسنۃ والا الھلاک

مع غیرھما۔ حقیقت جس سے رد ہوتی ہے شریعت پس زندقہ
(بے دینی) ہے اور سلامتی کتاب وسنت کے ساتھ ہے ورنہ ان کے سوا
ہلاکت ہے۔ میں کہتا ہوں۔ یہاں اہل شریعت سے ہماری مراد ناقص التحقیق
ہیں (وہ جن کی تحقیق ناقص ہو) جو ان کو زہدان خشک اور منکران معنوی
اور اہل دنیا اور قشریاں (پوست پرست) یعنے ظاہر پرست اور مانند
اس کے صوفیوں کی اصطلاح میں نام رکھتے ہیں نہ وہ اہل شریعت جو
کامل التحقیق ہیں (جن کی تحقیق کامل ہے) یعنے دین کے مجتہد رضی اللہ
عنہم اجمعین۔ جو کہ شریعت ظاہرہ کی تقویت وترویج یعنے پابندی
اور رواج کو خود ہی اختیار کئے ہیں اور شریعت کے باطنی امور میں صوفیوں
کے تابع رہے ہیں۔ جیسا کہ صوفیان شریعت کے باطنی امور کو جاری رکھتے
ہوئے اور باطن کی ان کے لئے جو طریقت اور حقیقت کے ذمہ دار ہیں
اور شریعت کے ظاہری احکام میں مجتہدین کے تابع ہوئے ہیں۔ پس اس حیثیت
سے شریعت، طریقت اور حقیقت کی مخالف نہیں ہے۔ اور طریقت
وحقیقت شریعت کے مخالف نہ ہوئے بلکہ کاملین تینوں مراتب
کے مجموعہ کو شریعت کا نام دیئے ہیں جیسے کہ فرمائے ہیں۔ محبوب
کو دیکھنا اور ملاقات اس سے ہم کلام ہونا مثال شریعت کی ہے اور
اس سے بغلگیر اور ہم آغوش ہونا مثال طریقت کی ہے۔ اور مباشرت
کرنا اور اس سے لذت حاصل کرنا مثال حقیقت کی ہے پس اس تحقیق

سے ثابت ہوا کہ شریعت کا کمال طریقت و حقیقت کی جامعیت میں ہے

شریعت با طریقت کار دارد
طریقت با حقیقت یار دارد
شریعت طریقت سے تعلق رکھتی ہے
طریقت حقیقت سے فیض یاب ہوتی ہے

فافہم واعلم مولف کی غزل ہے ۔ فارسی

الیکہ مرتبط شرع با حقائق نیست
جو شخص کہ شریعت کو حقیقت سے ربط نہیں رکھتا ہے
بغیر مدعی اور خطاب لائق نیست
سوائے مدعی (یعنی غلط دعویدار ہونیکے یہ خطاب اسکو لائق نہیں ہے
چنانکہ پوست بجز مغز می نباید کار
جیسے کہ پوست مغز کے بغیر کام نہیں آتا ہے
بدون پوست ہمانا کہ مغز فائق نیست
بغیر پوست کے بھی یقیناً مغز پسندیدہ نہیں ہے
ستجلی رخ ہستی در نعت خالق
رخ ہستی کا آئینہ اور خالق کی علوم مرتبت
ورای نیستی و ہستی خلائق نیست
خلق کی نیستی و ہستی کے سوا کچھ نہیں ہے

جواب مسئلہ ما نقیمہ بچوں گوید
ہمارے مسئلہ کا جواب نقیمہ (فقہ کے عالم) کیونکر کہے

کہ آں بہ کنز دقائق و بحر رائق نیست
کیونکہ وہ کنز الدقائق اور بحر رائق سے نہیں ہے

ببند دل از زن و فرزند و مال و جاہت دل
زن و فرزند و مال وجاہ کی محبت میں اپنے دل کو مت باندھ

کہ خود عوائق ایں راہ جز علائق نیست
کیونکہ اس راہ سے روکنے والی سوائے ان تعلقات کے کچھ نہیں ہے

خودی خود بگذار و خدائے خود پرستی
اپنی خودی کو چھوڑ دے اپنے خدا تک تو پہونچے

کز ایں طریق دگر اقرب طرائق نیست
کہ اس طریقے کے علاوہ سب قریب کا راستہ دوسرا نہیں ہے[1]

مکن کمال قناعت بقول از ایمان
دے کمال ایمان کے قول پر ہی قناعت مت کر

شکر نہ بخشد شیرینش کہ ذاتی نیست
شکر نہ بخشد جیسی شیرینی کہ ذاتی نہیں ہے

---

[1] علم فقہ کی دو مشہور بڑی کتابیں ہیں۔
۱۲

۲۰ کلمہ حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم

جاننا چاہئے کہ حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دو معنی رکھتی ہے ایک حقیقت محمدی عالم غیب میں۔ وہ ذات کی معلومیت کی صورت ہے۔ تعین اول کے ساتھ کہتے ہیں کہنا اس سے مراد ہے اور اس کے نام بہت ہیں جیسے کہ۔ وحدت۔ اور تجلی اول۔ و برزخ کبریٰ۔ وقاب قوسین اور نہاں خانۂ جمع وغیرہ

دوسرا حقیقت محمدی عالم شہادت میں و خارج میں اس کی موجودیت کی صورت ہے کہ اس کو عالم شہادت کہتے ہیں۔ اور اس کے نام بھی بہت ہیں جیسے کہ وحدت اور تعین اول۔ و عقل کل و قلم اعلیٰ ور وح اعظم و مخلوق مطلق و مظہر اتم وغیرہ وہ مراد ہے مرتبہ نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم سے جو انا من نور اللہ و کل شئ من نوری اس کی وضاحت کرتی ہے۔ اور بعض اکابر حقیقت محمدی کو صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق اور حادث کہے ہیں اور بعضے اول کے ساتھ اور محققین اس میں یعنے نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم میں تین درجے ثابت فرمائے ہیں ؎

یکے نفس و یکے روح و یکے دل
ولی در حرف ہر یک ہست مشکل

جانے اور یقین کرے۔

جاننا چاہیئے کہ یہاں اپنی ذات اور تمام مخلوقات کی ذات سے مراد شئی واحد ہے اور وجود عالم مفاض (فیض دینے والا) جو تمام اعیان خارجی پر گھیرا ہوا ہے جو موسوم ہے وجود اُساری فی جمیع الذراری یعنے وجود مقید تمام ذریات میں جلہے وجود خلق کو بھی اسی سے تعبیر لیتے ہیں۔ اور وہ حقیقت میں وہی وجود خاص کی حیثیت ہے جو ذات مقدس حق سبحانہ تعالیٰ کی ہو وے۔ لیکن عام یقین و شمول کے ساتھ تمام اشیاء سے تعلق و متعین ہے اور اگر اپنی ذات اور تمام مکنونات کی ذات سے روح مرادلیں مناسب دکھائی دیتا ہے۔ اس لئے کہ ہریک کی روح ایک جزو حقیقی ہے جو دوسرے پر صادق نہ آئے خلاف وجود عالم مفاض جو اگرچہ واقعیت میں ایک ہے اور تعداد وکثرت کو اس میں دخل نہیں ہے لیکن مظاہر کی کثرت اور تعداد اور اپنے گوناں گوں آئینوں کی حیثیت سے جو اعیان ممکنات ہیں اور بجائے افراد اور جزئیات مفہوم کلی ہیں متعدد اور کثرت دکھائی دیتے ہیں پس سمجھ جلیئے۔ اور اس طریقے سے بھی کہ ارواح حقیقت میں متعدد اور کثیر ہیں اور ذاتی خواہش اور اصلی قابلیت ہریک کی بھی جدا جدا اور مختلف چنانچہ نکوئی اور بُرائی کفر و اسلام اطاعت و نافرمانی ثواب اور عذاب و رحمت و محنت وغیرہ اور شریعت کی زبان میں وارد ہوا ہے کہ نیکوں کی

ترجمہ :- ایک نفس دو ایک روح اور ایک دل - لیکن ہر یک کے بیان کرنے میں مشکل ہے یعنے نوری محمدی (صلی اللہ علیہ وسلم) مراد ہے تین مرتبہ مذکورہ کا جامع ہے فافہم ایجاد میں اور وہ قادر مطلق اور صانع مہر حق کی قدرت کے کمال سے ہے یعنے بے مادہ و بے آلہ اور بے اسباب کے ہے

مقدر سے نہ بہ آست بقدرت مطلق

وہ کسی آلہ سے بنا ہوا نہیں بلکہ قدرت مطلق سے

اس کے ایجاد کا طریقہ جیسا کہ چاہیے عارفین کا شناختہ شدہ ہے مزن المو ن یعنے اہلِ ظاہر کے معلوم کی چیز ہے اور یہ فقیر حقیر بمصداق "افشا سر الربوبیت کفر" (ربوبیت کے راز کا ظاہر کرنا کفر ہے) اس کی تقریر اور تحریر پر متوجہ نہ ہوا اور کلام کو اس کلمہ پر تمام کیا ع

" آنرا کہ کس است یک حرف بس است "

ان کو کہ جن میں آدمیت کی قابلیت ہے ایک بات بس ہے فافہم و تامل سمجھیں اور غور کریں -

۲۱
کلمہ اعیان رنگ برنگ

اس سے قبل بیان سلوک میں ذکر خفی کے معنے میں جو کچھ ہم لکھتے ہیں کہ سالک ذات کو اور تمام مخلوقات کی ذاتوں کو ذات حق

روحیں اعلیٰ علیین میں اور بدکاروں کی روحیں سجین میں رہیں مثلاً
زید کی روح جو عمر کا باپ ہے۔ طاعت وحسنات کے اکتساب کے
باعث درجات بہشت کا مستحق ہو۔ اور روح عمر کی جو زید کا بیٹا ہے
گناہ کے کام اور برائیاں اختیار کرنے کے باعث مقام دوزخ کا سزاوار
ہو۔ اور وجود عام متعاص مذکورہ امور کی تمثیلات سے پاک اور
بے نیاز ہے۔ اس کی صفت نامعلوم طور پر اشیاء کے ساتھ محبت
رکھتی ہے۔ اس بناء پر اس کی محبت اشیاء کے ساتھ ہو کر کوئی
تغیر وتبدل کی راہ اس میں پایا نہ جائے۔ جیسا کہ ہیولیٰ (مادیت)
کی محبت صورت کے ساتھ ہو کر تغیر وتبدل اور بلٹنا اور سپردگی
جو صورت کے لوازمات سے ہے ہیولیٰ اس سے لاحق نہیں
ہوتا ہے۔

رباعی مولف

صورت کو تغیر نہ ہیولیٰ کو تم
صورت کو تغیر ہے نہ ہوئی کو کبھی ہاں نہیں

ہر چند ہیں صورت وہیولی باہم
بہت کچھ صورت اور ہیولی آپس میں ملے ہوئے

یوں حق کو محبت ہے بعالم بالذات
حق تعالیٰ کو بالذات کے عالم سے ایسی محبت ہے

پر حق ہے مبرا از تغیر عالم
پر حق تعالیٰ عالم کے تغیر سے بری ہے

مثال دیگر جیسے کہ آفاق کا نور محسوس ذاتی طور پر کوئی لون ورنگ
نہیں رکھتا ہے لیکن جگہ رنگ برنگ شیشوں پر پڑے تو ڈالنے مختلف

رنگوں کے مطابق رنگین دکھائی دیتا ہے اور لیکن کوئی تغیر و تبدیلی اور کوئی خلل و نقصان اس کی بے لونی و بے رنگی میں راہ پایا نجائے ۔

مولوی جامی قدس سرہٗ

رباعی

اعیان ہمیشہ شیشہائے گونا گوں بود
اعیان تمام رنگ برنگ کے شیشے تھے
کافتاد برآں پرتو خورشید وجود
جبکہ اُن پر وجود کے خورشید کا پرتو پڑا
ہر شیشہ کہ بود سرخ یا زرد و کبود
ہر شیشہ لال پیلا نیلا جو کچھ کہ تھا
خورشید دراں ہم بہ ہماں رنگ نمود
خورشید بھی اُن میں اسی رنگ سے دکھائی دیا

رباعی

ہستی کہ بذات خود ہویداست چو نور
ہستی جو اپنی ذات سے ظاہر ہے نور کے مانند
ذوات مکنونات ازو یافتہ ظہور
مکنونات کی ذاتیں اس سے ظہور پائیں

ہر چیز کہ از فروغ او افتد دور
جو چیز کہ اس کی شعاع سے دور پڑی رہے
در ظلمت نیستی بماند مستور
نیستی کی ظلمت میں پوشیدہ رہے

رُباعی

جس چیز کے رخ پہ دیدہ ور آنکھ تیری
ظاہر ہے بہ ہستی کی صورت و شکل سے حق
ہو جان کہ یہ مراقبہ ہے نظری
بالذات ہے گرچہ شکل وصورت سے بری
جس چیز کے رخ دیکھ رہی ہو تیری آنکھ
حق تعالیٰ ہستی کی شکل وصورت سے ظاہر
جانتا رہ کہ یہ نظری مُراقبہ ہے
بِالذات ہے اگرچہ کہ شکل وصورت سے بے نیاز ہے

رُباعی

بیچون ہے حقیقتاً حق اما پیدا
حقیقت میں حق تعالیٰ بیچون و بے چگون ہے
ہے چوں و چگوں خلق سے ہو بینا
لیکن خلق کے چون و چگون سے ظاہر ہے تو بینا یعنی دیکھنے والا بن

بے رنگ بذات خود ہے نور خورشید

سورج کا نور اپنی ذات سے آپ بے رنگ ہے

پر جلوہ نما برنگ ہر ہر عینست

پر ہر ہر شیشہ کی رنگت سے جلوہ دکھا رہا ہے

دوسرا جانئے کہ کلی مثال کو وجود عام پر ہم نے پیش کی وہ تمام وجوہات پر یہی تصور کرنا نہیں چاہئے اس لئے کہ وہ اشکال کے واردات کی جاہت اور ودگمراہی لازم پاتا ہے مقصود کے بر آمد اور حاصل کرنے کے لئے آن پر کفایت کرنا نہیں چاہئے وہ یہہ ہے کہ وجود عدم باوجود اس کے تمام اشیاء کی صورت کے بجنسہ ظہور فرمایا ہے۔ مظاہر کے مطابق اور گوناگون آئینوں میں اپنے کو دکھایا ہے یعنے جس حال میں ذاتی معیت بلکہ حقیقی عینیت بے کیفیت اشیاء کے ساتھ رکھتا ہے بے نیازی صفت اس کی ذات اعلیٰ پر ثابت اور محقق ہے نہ یہ کہ ذہنی امور کے مفہوم کلی کے مانند ہوئے یہ معقولات ثانیہ کے مطابق ہو وے جو خارج میں وجود نہیں رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان سے اعلیٰ اور بزرگ تر ہے تعالیٰ اللہ عن ذالک علوا کبیرا۔

کلمہ ۲۲ عکس لطیف

بیان میں خود کی پہچان، رسول کی پہچان، اور حق کی پہچان

تحصیل کمال کے لئے اس کو جسم عنصری لازم اور واجب ہوئے ع

روح بے قالب نداند کار کرد

یعنے روح بغیر جسم کے کام نہ کر سکے

اور بعضے عارفین اس کو نفس مقید بھی کہتے ہیں اور وہ عالم خلق سے ہے نہ کہ عالم امر سے دوسرا لطیف جسد ہے جو خواب میں دکھائی دیتا ہے بیداری میں نہیں مگر جبکہ خداتعالیٰ دکھائے اور توڑ وجوڑ وغیرہ کے قابل نہ ہوئے اور ان کو حق سبحانہ تعالیٰ روز میثاق میں آدم کی پشت کے ذریعہ سے دفعہ اور اوقات گزاری کے اور زمانہ گزاری کے بعد پیدا کرکے چار قسم میں تقسیم کیا۔ اور الست بربکم کے خطاب سے مخاطب گرداتا۔ اور تیز روی ایسی ہے کہ اگر چاہیں آنکھ جھپکنے میں بلکہ اس سے کم وقفہ میں مثلاً مشرق سے مغرب میں اور مغرب سے مشرق میں یا عرش اعلیٰ سے تحت الثریٰ میں یا تحت الثریٰ سے عرش اعلیٰ تک جاوے۔ بیاخواب اور موت سے امن میں رہیں اور اس کو حملق الوجود جسم لطیف وتن روحانی وقلب مقید وغیرہ نام رکھتے ہیں اور یہہ عالم امر سے ہے اور بعض کے نزدیک نہ فقط عالم امر سے نہ فقط عالم خلق سے بلکہ ایک وجہ سے عالم امر سے کہہ سکتے ہیں۔ اور ایک وجہ سے عالم خلق سے اور اس کو خیال اور مثال کہتے ہیں اس لئے کہ شکل وصورت اور مقدار و اندازہ تعین و تشخص وطول وعرض دگرا اور اعضا واجزا وغیرہ میں اس کے اور تن خاکی کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے

مگر لطافت اور کثافت کا۔ اگرچہ دوسرے اعتبار سے بزرگی اور بڑائی
کو اس کے کوئی حد و انتہا نہیں ہے۔ شاید ایک سبب اس کا نام مثانی
ہونا یہ بھی ہوگا۔ اور لیکن اس کوتاہ سمجھ فقیر حقیر کے قلب میں گزرتا ہے
کہ اول وہ ہے کہ تن کثیف کو تن لطیف کی مثال جانئے نہ یہ کہ تن
لطیف کو مانند تن کثیف کے کہے۔ اس لئے کہ تن لطیف تن کثیف
سے قبل پیدا شدہ ہے۔ بعد تن لطیف کے ایک طویل زمانہ اور مدت
دراز کے بعد تن کثیف پیدا ہوتا ہے۔ پس اس تمثیل کے ساتھ اس
کا نام پانا دوسرے معنے سے ہووئے۔ نیز جانئے کہ جملہ حس و حرکت
اختیاری ہوشیاری اور خبرداری جسم کثیف میں اس جسد لطیف کے
سبب ہے اگر واجب کے اعضاء اجزائی میں ممکن کے اعضاء اجزائی
نہ ہووے کوئی حس و حرکت اختیاری واجب میں ممکن نہ ہووئے۔ جیسے
کہ خواب کی حالت میں اور موت کے بعد یہ معنے واضح ہے۔ اگر تو پوچھے
کہ جبکہ خواب کے عالم میں روح جاری یعنے ممکن واجب سے جدا
ہوکر سیر و سیاحت کرتی ہے بعد اس کے واجب میں واپس آئے تو کس
دریچہ سے ؟ میں کہتا ہوں مثلاً پانی کو جو کہ خاک کے بہ نسبت
لطیف ہے جب خاک پر (بہ نسبت پانی کے یہ کثیف ہے) تم ڈال
دیں۔ کس دروازہ سے خاک میں چلا جائے ؟ اور داخل نہ ہووئے ؟
اگر یہ کہے کہ تمام اجزاء خاک کے آب لطیف کے لئے دروازہ کے مانند
ہیں پس پانی کی لطافت کو خاک کی کثافت منع کرنے والی اور روکنے

والی نہیں ہوتی ہے اور داخل ہونے اور سرایت کرنے سے روکتی نہیں ہے۔ میں کہتا ہوں۔ ما کان خوابنا منکم فھو جوابکم منا (جو جواب ہمارا تم سے ہے پس وہ تمہارا جواب ہم سے ہے)

تیسرا ممتنع الوجود جو دونوں کو دیکھنا اور دیکھا جائے۔ یعنی واجب الوجود جو بیداری میں دکھائی دے اور ممکن الوجود جو خواب میں دیکھا جاتا ہے ممتنع الوجود جو تیسرا ہے خاص آں ہر دو منظر کو دیکھے اور دیکھنے والا ہوئے۔ اور وہ دیکھنا نفس الامر (حقیقت میں) ایک ہے دو نہیں۔ رنگ میں دونوں کے دیکھے یعنی بینائی ہر دو رکی مرئ بے نظر شئ واحد ہے (یعنے ایک) دو شئ نہیں ہے۔ حاصل یہ ہے کہ وہی ایک ممتنع بیداری میں واجب کو اور خواب میں ممکن کو دیکھتا ہے نہ دوسرا اگر مانند مرئی کے (دیکھے جانے والی) یعنے منظر جو دو ہیں دیکھنا (نظر) بھی دو ہوتے اور واحد نہیں ہوتے۔ جو کچھ عالم خواب میں دیکھا جائے بیدار ہونے کے بعد اس کو یاد نہ آئے۔ اور محفوظ نہیں رہتا ہے۔ پس تحقیق پایا کہ رائی (نظر) ایک ہے اور مرئی (نظر) دو۔ اور اسکو نظر اور بینش نام رکھتے ہیں اور منظری یعنے اردو "دیکھ" کہتے ذاتی صفت (نسبتاً صفات روح (دل کی صفت کا جانتے والا اور روح کی صفت کا دیکھنے والا) جو کہے ہیں اسی مقام ہے۔ پس جانا گیا۔ ممتنع دیکھنے والا ہے نہ دیکھا ہوا یعنے خواب میں دیکھا جائے اور نہ بیداری میں بلکہ بیداری میں بینائی واجب کی ہے۔

اور خواب میں بینائی ممکن کی۔ اور ممتنع عربی میں منع کیا گیا اور وجود یہاں معنے میں جسم کیے ہوئے۔ پس یعنے ممتنع الوجود جسم سے منع کیا گیا ہو سکے اس لئے کہ اس کو شکل وصورت اور مقدار و اندازہ چونی اور چگونگی نہیں ہے۔ مانند جسم لطیف وکثیف کے۔ وہ ایک بسیط یعنے پھیلی ہوئی غیر مرکب شئی ہے کہ ترکیب وترتیب چاہے لطافت کی حیثیت سے خواہ کثافت کے اعتبار سے اس میں امکان نہیں رکھتی۔ تا دکھائی دیوے اور دیکھا جاوے اسی وجود کو لطیفۂ انسانیہ اور روح مقید و نفس ناطقہ وغیرہ کہتے ہیں۔

بعض لوگ ممتنع الوجود کو ظلمت جو کہے ہیں اس سے اس کی غیر مرکب و پاکی و بے عیب اور نہایت لطیف اور مقدار و چونی و چگونگی نہ ہوتا کی کیفیت کی طرف اس کا اشارہ ہے۔ جو تھا عارف الوجود یعنے تینوں کی پہچاننے والا اس شناخت کے ساتھ مثلاً ایک دیکھنا بیداری میں۔ دوسرا دیکھنا خواب میں تیسرا ہر دو کا دیکھنا۔ اس کو دانش اور نور نفس مطلق اور اس کے مثال کہتے ہیں۔ اور اردو میں بوجھ نام رکھتے ہیں اور یہ وجود بھی بیچون و بے چگونی اور لا مکانیت وغیرہ کی صفت کے ساتھ جو کچھ کہ تعریف و توصیف میں ممتنع الوجود میں کہا گیا ہے موصوف ہے اور فرق عارف اور ممتنع کے درمیان جو ہے دانش و بینش کا ہے تفصیل و اجمال اور تمیز اور عدم تمیز کے ساتھ ہووے یعنے ممتنع بافت مجمل کو کہتے ہیں۔ جو جیسا کہ چاہے تمیز نہیں رکھتا ہے اور عارف

یافت مفصل کو جانتے ہیں اس سے شئی کو جیسی کہ وہ ہے یا ہے یعنے جیسی کہ شئی تھی ہے تمیز و تفصیل کے ساتھ معلوم اور مفہوم ہووے۔ پس ما بلے الامتیاز یعنے ان میں جو فرق ہے دانش اور بینش تفصیل و اجمال و تمیز کا ہووے پس فہم و تامل (غور) فرمائیں۔

پانچواں شاہد الوجود یعنے شہادت اور گواہی دینے والا۔ جانیئے کہ عرف عام میں شاہد اس کو کہتے ہیں جو معاملہ اور ماجرئی پر تجربہ اور واقفیت کلی رکھتا ہو یعنے علم الیقین سے جانا ہو۔ اور آنکھ کی نظر سے دیکھا ہوا ہووئے۔ پس اس صورت میں شاہد الوجود بھی مراد ہے

محقق کی یافت سے بے شبہ۔ کامل ادراک۔ نقصان اور عیب نہ ہووے یعنے گواہ امری ہووے کہ ایسا ہی ہے اور اس کے سوا ہرگز نہیں ہے اور مثلاً یہ ہے کہ ایک دیکھا ہوا بیداری میں اور دوسرا دیکھا ہوا خواب میں اور تیسرا ناظر اور بینا دونوں کا چوتھا جانا اور پہچانا ہوا تینوں کا۔ پانچواں ہر چاروں پر گواہ مدلل و یقینًا۔ پس ممتع اور عارف کے مابین فرق کو ہم اشارۃً بیان کیئے ہیں۔ اب یہ جان لو کہ جو کچھ فرق ہے حرکت اور قرار۔ اے عارف شاہد کا ہووئے مدرم۔ جبکہ وہی یافت مذکور میں حرکت باقی رہے، عارف الوجود ہے۔ اور جب یقین کمال کے حصول کے سبب اس کی حرکت قرار اور سکون سے بدل ہووئے شاہد الوجود روغن کے مانند جب تک وہ رقیق یعنے پتلا رہ کر سیلان اور حرکت اس میں باقی ہے۔ جب بندھا جائے اور منجمد ہووئے اور قرار و سکون پائے

اور جنبش و حرکت اس کی زائل ہوئے۔ پس اس مرتبہ کو یعنے شاہد الوجود کو دلِ مطلق اور قلبِ عالی بھی کہتے ہیں۔

چھٹواں۔ واحد الوجود اُس سے مُراد یگانگی پانا ہے۔ پانچوں مراتب کے درمیان یعنے چھٹا مرتبہ بھی پانا ہے جو یقین کے ساتھ جانتا ہے کہ وہ پانچواں مراتب مذکورہ کے تمام مظاہر اور آئینے اور عکسیں اور جلال وظلال اور نسبت و اضافت اور شانیں اور اعتبارات میرے ہیں اور دونوں آئینے اور مظہر دور کرنے اور تجلّی دینے والے اور ظاہر بلکہ عینِ حقیقی بھی۔ آئینے اور مظاہرے میرے ہیں۔ ؎

یہ نفس دل و روح یک ❊ ان معنوں کو خارج دیکھ

یہ نفس اور دل و روح ایک ہیں۔ ان کے معنوں کو خارج یعنے ظاہر میں دیکھ لے۔

نفس و روح و عقل و دل جملہ یکے ست ❊ نفس اور روح و عقل و دل جملہ ایک ہیں

مرد معنی اور ینجا کنی شکے ست ❊ باطن شناس مرد کو اس مقام شک پیدا کب ہوگا یعنی نہیں ہوگا

جیسا کہ مثلاً نفس انسانی علم سیکھا۔ اس کو عالم کہتے ہیں۔ اور کتابت کی اس کو کاتب جانیں۔ اور موزوں کلام بنایا شاعر نام پایا اور صورت گری اور نقاشی کی صنعت پر عمل کیا مصور اور نقاش کا نام پایا۔ اسی طرح ثم کذا ثم کذا شرح گلشن راز میں فرماتے ہیں کہ نور اور عقل و روح اور سِر خفی اور نفس ناطقہ اور قلب ایک حقیقت ہیں۔ ظہور کے انداز سے مراتب میں صفات کے اختلاف کے باعث یہ مختلف اسماء پیدا کئے ہیں۔ ہر اسم اس کی صفتِ خاص کے

اعتبار سے جو سمجھنے اور غور کرنے والے پر مخفی نہیں ہے لیکن وجہ تسمیہ
بہ عقل یعنے عقل نام پایا جانا اس سبب سے ہے کہ اپنی ذاتی فکر اور
اپنا موجد (بنایا ہو) دکھائی دیتا ہے۔ اور اشیاء کا جاننے والا وہی ہے
اور روح کا نام دیا جانا اس وجہ سے ہے کہ وہ اپنی ذات سے زندہ
ہے اور زندہ کرنے والا غیر کا اور سر اس وجہ سے ہے کہ ارباب قلوب
(یعنے اہل دل) کے سوا اس کا ادراک کر نہیں سکتے ہیں اور خفی اس
حیثیت سے کہ اس کی حقیقت عارفین وغیرہ پر بھی پوشیدہ ہے
اور نفس ناطقہ اس وجہ سے کہ کلیات کا ادراک کرنے والا یعنی سمجھنے
والا وہی ہے اور قلب اس لئے کہ شیونات الہیہ کا مظہر اور ہر لحظہ اس
سے ایک اثر اور خلق دوسری ظاہر ہوتی ہے۔ منقلب یعنے پلٹنے
والا ہے ایک صفت سے دوسری صفت پر اور دوسرا سبب
یہ ہے کہ منقلب درمیان ایک رُو سے جو حق کی جانب ہے اور ایک
رو سے جو خلق کی جانب ہے اور حق سے فیض پانے والا ہے ان
مراتب کے سوا معرفت میں نفس مرتبہ (ذات مرتبہ) دوسرا تصور
پایا نہیں جاتا ہے اور روح قدسی اور ذات واحدیہ اور مقام قرب
اور روح مطلق اور ان جیسے اور بھی ان ہی کو نام رکھتے ہیں۔ بعض
عارفین چھ سے زیادہ بھی مقرر فرماتے ہیں ؎

عبارا تنا شتی وحسنک واحد — وکل الی ذلک الجمال یشیر
جملہ یکذات است دریا متصف — جملہ یکحرف و عبارت مختلف

نام ایک ذات ہے لیکن کئی صفتوں سے متصف ہے۔ تمام ایک حرف میں اور عبادت مختلف ہے دوسرا جاننا چاہیئے کہ یہ تمام مراتب ستہ (چھ مراتب) جو مذکور ہوئے چاہے ناقص چاہے کامل، چاہے مقید خواہ مطلق یعنے نفس مقید، دل مقید روح مقید نفس مطلق دل مقید کو روح مطلق خواہ از روئے فنا و بقا علمی حاصل ہو ویں یا از روی فنا و بقا و حالی کشف ہو ویں تمام عبد کے داخلی مراتب ہیں یہ مراتب داخلی رسول انام علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نہیں۔ اور نہ مراتب داخلی حضرت ذوالجلال والاکرام کے اس لئے کہ رسول خدا کے مراتب داخلی عبد کے مراتب داخلی سے جدا اور حق جل وعلیٰ کے مراتب تداخلی محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے مراتب داخلی سے علحٰدہ ہیں۔

اسی بناء پر کہ محققین کا قاعدہ ہے کہ عبد کے مراتب داخلی سابقہ ترتیب سے رسول علیہ السلام کے مراتب داخلی کے مظاہر خارجی ہیں۔

رسول علیہ السلام کے مراتب داخلی حق سبحانہ تعالیٰ کے مراتب داخلی کے مظاہر خارجی ہیں باوجود اس کے حق تعالیٰ کے مراتب

داخلی حق تعالیٰ کے اور تمام مراتب داخلی عبد کے وحدت الوجود کی حیثیت سے ایک دوسرے کے عین حقیقی ہیں۔

در ہمہ انبیائے امکانی   چہ مجرد چہ جسم و جسمانی

تمام امکانی مراتب میں کیا مجرد اور کیا جسم وجسمانی
سریان دارد و ظهور اما سریانے بدون ترداتش ما
سرایت رکھتے ہیں اور ظہور لیکن ایسی سرایت جو ہماری سمجھ کو جلاتے باہر ہے
ذاتوں اور حقائق کے اعتبار سے ایک دوسرے کے غیر ہیں۔
فانهم دا علموا ان کلامنا هذا استلزم
لحفظ المراتب مع تحقیق وحدت الوجود الحقیقی
والسلام علی من اتبع الهدی ونهی النفس عن
الهوی پس تحقیق وہ ہیں اور جان لو کہ تحقیق ہمارا کلام حفظ مراتب
کا مستلزم ہے وحدت الوجود حقیقی کی تحقیق کے ساتھ اور سلامتی
ہے اس پر جس نے ہدایت کی اتباع کی اور باز آیا نفس کی خواہشات سے

کلمہ کمالِ جسم

جانئے جسم کثیف میں جو اس کو جسم مقید کہتے ہیں۔ اپنے استعداد
کی قوت سے کمال کو پہونچنا اور عقل سے قائل مطلق ہونا شامل ہے۔
جیسا کہ تخم میں شجری تفصیلیں اور نطفہ میں مراتب۔ جن کی تفصیل اوپر
گزر چکی ہے درج ہے۔ پس جب وقت معین و مقدار پہونچے۔ اپنے
ذاتی خواہش اور اپنی اصلی استعداد کے مطابق جس طریق سے کہ ممکن
ہو یعنے واہب مطلق اللہ تعالیٰ کی موھبت یعنے عطیات تسبیب
و وسطہ یا بواسطہ انسان کامل و مکمل کی عنایت و یا طاعات وعبادات

اختصار اور مختصراً جانئے کہ جسم کثیف جو ذریعہ عناصر سے مرکب جو بننا
اور بگڑنا جوڑ توڑ کے قابل اور دوسرے جسمانی صفات ہووے
اور بیداری میں چشم ظاہری سے دیکھا جائے اور مادر و پدر کے واسطہ
سے ایک عرصہ اور ایام گزرنے کے بعد پیدا ہوتا ہے اور درجہ بدرجہ
کمالیت اور تمامیت قبول کرے جیسے کہ مادہ خاک سے نطفہ ہووے
اس کے بعد علقہ اور اس کے بعد مضغہ بنے اس کے بعد ہڈیاں بننے
لگے بعدہ لباس گوشت پہنے اور بعد درست بن جاوے جس کے لئے
یعنے تن بے جان اس کا نام رکھا جاوے اور اس کے بعد روح انسانی
اس میں پھونکی جائے اس کے بعد شکم مادر سے باہر آئے اور چند روز طفل
رضیع یعنے شیر خوار رہے اس کے بعد بچہ و لڑکا اس کے بعد بالغ و شاب
یعنے نوجوان اس کے بعد ازاں ادھیڑ عمر اور دو مویہ کھچڑی بال یعنے سیاہ
و سفید ملے ہوتے اس کے بعد بزرگ اور بوڑھا بعد ازاں وفات پائے
یعنے مر جائے پس برزخ یعنے قبر میں اتر آوے۔ پس اگر خدا چاہے خاک اس
کو کھائے نہیں اور سالم رہے۔ حشر کے دن تک۔ اور اگر چاہے ریزے
بن کر اور گلا ہوا خاک کھایا ہوا انشاء اللہ پس بعث یعنے اٹھایا جائے
حشر کے دن۔ الیٰ ما شاء اللہ یعنے جیسا کہ اللہ تعالیٰ چاہے حاصل کلام
یہ ہے کہ جسم کثیف عنصری کو خانوادہ عالیہ چشتیہ کی اصطلاح میں واجب
الوجود معنے میں لازم الوجود نام رکھنے میں یعنے روح انسانی کے تدبیر
اور استعمال کے لئے ظہور روح صفات اور افعال اور اس کے

مداومت کے سبب اور ریاضتوں اور مجاہدوں کی ہمیشگی جو اس سے مراد راہِ حق کے سلوک اصطلاحی ہوئے وہ جسم مذکور اپنی قوت سے تحل کے مرتبہ پہ قید و نقص سے ہی اطلاق اور کمال کے درجے پر پہونچ جائے۔ چنانچہ بعض اولیاء و اصفیا سے حکایتیں اور منقول ہے کہ ایک ہی ساعت میں کئی مجالس اور محافل میں حاضر رہے اور تناول و طعام و کلام فرمائے ہیں۔ اس اطلاقِ جسم کے مرتبہ کو بعض لوگ سر اور جسم مطلق کہتے ہیں۔ لیکن اس مرتبہ میں اصحاب شمال جو اہل کفر و گمراہی و شقاوت ہیں۔

ارباب یمین کے ساتھ جو اہل اسلام و ہدایت و سعادت والے ہیں۔ شرکت رکھتے ہیں۔ جیسا کہ کشن اور رام اور نجومی کے افسانے ہندی برہمنوں سے سنتے ہیں۔ پس لہذا بعضے عارفین اس مرتبہ اطلاق و انبساط اور کشف مراتب متعلق جسم کو عام جانتے خاص نہیں۔

اور توحید کے کمال کا مرتبہ اور معرفت حقیقی الٰہی کو خاص کہتے ہیں عام نہیں دوسرا یہ کہ اگر کاملین اور خاصانِ حق دنیا میں مذکورہ مرتبہ پر پہونچیں تو بہتر ورنہ آخرت میں عوام و خواص بد و نیک اور اصحاب جنت و دوزخ کو البتہ ضرور میسر ہوا کرے گا۔ چنانچہ وعدہ وعید کی حدیثوں سے استفادہ ہوتا ہے۔

روایت ہے کہ جنت کی کمترین جگہیں دنیا اور اس کے اس

مقدار کے برابر حصو دیں پس اس ذرا سا چھوٹے جیبہ سے عیش و عشرت
نقصیر و حکومت تمام اس منزل و مقام میں بغیر اجسام مبسط و
مطلق کے کیوں کر حاوی ہووے۔

الحاصل جسم عنصری مقید جبکہ اپنے انبساط اور اطلاق کے کمال
کو پہونچے یعنے فعل کی حیثیت سے مطلق بن جائے۔ قادر علی
الاطلاق جل جلالہ وعم نوالہ کے فضل سے اگر چاہے اپنے ایک
جسم کو تمام عالم اجسام بنا دے ان تمام عالم اجسام کی طرف جو
س باری تعالیٰ کے مخلوق اور محذور ہیں اور اس مرتبہ کو جسم مطلق
عارف الوجود اور سر اور واحدیت وغیرہ کہتے ہیں۔

ایسا ہی جبکہ جسد مثالی مقید اس کا جو قلب اور دل مقید
ہے صفا اور لطافت مرتبہ کمال اور تمام نورانیت و اطلاق اور انبساط
ذائر ہووے اس وقت اگر چاہے اپنے ایک دل کو تمام عالم قلوب
سکے۔ سوائے ان کے قلوب کے جو حضرت علام الغیوب کے
وب مخلوق ہیں۔ اور اس مرتبہ کو قلب مطلق اور شاہد الوجود
ر نور وحدت اور مانند اس کے نام رکھتے ہیں اور اس طرح جب
سالک کی روح مقید مرقوم الصدر واسطوں اور شرائط کے
تحقیق یا بغیر اس کے انبساط اور اطلاق کے مرتبہ کمال موصول ہووے
س وقت حضرت واہب العطیہ جل جلالہٗ کی امداد و
اعانت سے اگر چاہے۔ اپنی ایک روح کو تمام عالم ارواح بنا دے

سوائے ان تمام ارواح مجسمین ومجرمین کے (جسم رکھنے والی اور جو جاویدہ ہیں) جو جاندار اور جان آفریں جل جلالہٗ کے پیدا کردہ ہیں اور اس اطلاق روح کے مرتبہ کو واحد الوجود اور روح قدسی اور روح مطلق اور ذات واحدیت وغیرہ کہتے ہیں۔ لامشاحة فی الاصطلاح) (اصطلاح میں کوئی زیادتی نہیں ہے) پس فہم کرو اور جانو۔

کلمہ ۲۴ معرفتِ عبد و رب

یہہ کلمہ بھی معرفت العبد والرسول اور حق کے بارے میں مختصراً جانئے کہ باقتضائے مطلب "من عرف نفسہ فقد عرف ربہ (جس نے پہچانا اپنے رب کو نفس کو پس تحقیق وہ پہچانا اپنے رب کو) کے نفس کی معرفت یعنے خود شناسی (اپنی پہچان) ایک ضروری امور سے ہے جو "اذا فات الشرط فات المشروط" یعنی جب شرط مرجائے تو مشروط بھی مرگیا۔ اور وہ اپنے مراتب داخلی کو پہچاننا ہے۔ مقید ہو اور مطلق جیسا کہ نفس مقید اور دل مقید اور اس طرح نفس مطلق اور دل مطلق اور روح مطلق جیسا کہ یہ تقریر سابق میں گزر چکی ہے۔ اس کے بعد

معرفت الرسول یعنے پہچاننا رسول علیہ الصلواۃ والتحیات یہ اعظم سعادات بلکہ افضل ترین عبادات سے ہووئے۔ اور وہ خود شناسی سے پہلے مشکل ہی مشکل ہے اور اس کے بعد آسان ہی آسان ہے۔ کاملین اور مکملین کے ارشاد اور فیض سے یعنے جیسا کہ (عبد) میں تین مرتبے مقید اور تین مرتبے مطلق ہیں ایسا ہی ذات مبارک حضرت خاتم النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنے نور محمدیہ ان مکمل درود اور رحمت اور تحیت ہو تحقیق پائے اس بناء پر کہ اگر ان حضرات میں نہ ہو میرے اور تیرے میں کہاں سے ظاہر ہووے ؎

خشک ابرے کہ بود ذات تہی | نایذ از وے صفت آب دہی
سوکھا ابر جو پانی سے خالی ہے | اس سے پانی برسنے کی صفت ظاہر نہ ہووئے

انا من نور اللہ وکل شئی من نوری۔ پس مخلوق مطلق اور مظہر اتم یعنے نور محمدی صلی اللہ علیہ وسلم ہی جو عقل کل اور روح اعظم سے موسوم ہوئے۔ اجمال اور کلیت کے اعتبار سے نہ کہ تفصیل اور جزی حیثیت سے تین مرتبے تحقیق پائے ہیں۔

۱۔ ایک مرتبہ روح مطلق جو خود روح اعظم اور عقل کل ہے۔

۲۔ دوسرا مرتبہ دل مطلق جو نفس کل ہے۔

۳۔ تیسرا مرتبہ تعین مطلق جو جسم کل ہے۔

گویا کہ یہ تین مرتبے مطلق مذکور آنحضرت کے مظہر اور اصل ہیں۔ اور تین مرتبے مقید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

۱ ۔ جو بواسطہ حضرت عبد اللہ و حضرت آمنہ مکہ میں تولد پائے اور بعد وفات کے مدینہ منورہ میں مدفون ہوئے ۔ آنحضرت کے جسم مطلق مذکور یعنے جسم کل کے مظہر اور ظل ہے ۔ (جسم مقید)

۲ ۔ اور دل مقید آنحضرت[م] کا جو اس جسم مقید مذکور میں داخل اور سرایت اور حرکت جاری رکھتا ہے آنحضرت کے مذکورہ دل مطلق کا مظہر اور ظل ہے ۔

۳ ۔ اور روح مقید آنحضرت[م] کی جو متعلق اور تدبیر (تدبیر بتانے والی) اور متصرف (تصرف کرنے والی) اور محرک اور مسکن (ساکن رہنے والی) اور متجلی (تجلی دکھانے والی) اور ظاہر آنحضرت کے جسم مقید عنصری میں مذکورہ دل مقید کے واسطے سے ہوئے ۔ وہ آنحضرت کے روح مطلق کی مظہر اور ظل ہے ۔ جن کا ذکر اوپر گزرا ہے ۔ بلکہ روح مطلق آنحضرت جو مرتبہ نور میں پہلے مذکور ہوئی ہے در نفس الامر یعنے حقیقت میں مظہر و اصل ہے ۔ اور تمام عالم ارواح مظاہر خارجی اور اس کے ظلال ہیں ۔ اس طرح جسم مطلق مذکور آنحضرت[م] کا مظہر اور اصل ہووے اور تمام عالم اجسام مظاہر خارجی کے اور اس کے ظلال ہیں ۔ ایسا ہی جسم مطلق مذکور آنحضرت کا مظہر اور اصل اور جملہ عالم اجسام مظاہر خارجی اور اس کے ظلال ہیں ۔

جانئے کہ اس باب میں اگرچہ تفصیل اور طوالت کے ساتھ میں

بیان کرسکتا تھا لیکن کوتاہ اور مختصر کرنے میں مصلحت جانا۔
پس رسول شناسی کے بعد حق شناسی زیادہ قریب کا طریقہ اور
حصول آسانی میسر ہووے وہ بھی حق سبحانہ تعالیٰ کے مراتب
داعلی کو پہچاننے سے مراد ہے مطلقاً و مقیداً تین مطلق اور
تین مقید۔ لیکن تین مطلق

۱ ۔ ایک احدیت جو لا تعین اور وراء الوراغیب الغیب اور عدم العدم ہوئے۔ اور وہ ذاتِ بحت اور وجود صرف اور نہیں پاتا ہے مطلقاً۔

۲ ۔ دوسرا مرتبہ وحدت جو تعین اول اور حقیقت محمدی اور برزخ کبریٰ ہے اور وہ پاتا ہے اجمالاً (مجمل طور پر) کہ من ہستم (میں ہوں) یا ہست منم (ہوں میں)

۳ ۔ تیسرا احدیت جو تعین ثانی اور حقیقت انسانی ہے اور وہ پاتا ہے تفصیلاً کہ منم چنیں چناں (کہ میں ایسا ویسا ہوں)

لیکن تین مقید ۱ حقائق ارواح ۲ حقائق قلوب ۳
اور حقائق اجسام ہے۔ جن کو اعیان ثابتہ اور صور علمیہ نام رکھتے
ہیں۔ اگرچہ تین مراتب مذکورہ اعیانِ خارجیہ کی نسبت سے
اور علم قدیم الٰہی پر نظر کرتے ہوئے مطلق ہیں۔ لیکن احدیت
اور وحدت و واحدیت کی نسبت سے مقید کہے گئے ہیں۔
اس لئے کہ یہہ تین مرتبہ ذات و صفات حق کے ہیں اور یہہ

یہ تینوں مرتبے ذاتیں اور صفات خلق ہیں علم الہٰی میں
پس ذات وصفات حق کو فوقیت رتبتی ہوئے (رتبہ میں اونچا ہونا) اور ذات وصفات خلق کو تحتیت رتبتی (رتبہ میں نیچے ہوتا ہے) پس ان ہی دو وجہہ سے ان کو مطلق اور ان کو مقید ہم نام دیئے ہیں۔

پس بعد پہچاننے حق تعالیٰ کو۔ اور پہچاننا رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا اور پہچاننا عبد کی جس طریقہ پر کہ مذکور اور مرقوم ہوا ہے دانستن یعنے جاننا اور پہچاننا نسبتی کا جو خدا اور رسول کے مابین تحقیق پایا ہے اس کو علم رشتہ کہتے ہیں اور جملہ واجبات اور فرائض سے ہوئے اور وہ مکمل پیر کامل کے تلقین اور ارشاد پر موقوف ہوئے علم مذکور کے فوائد اور منافع سے ایک یہ ہے کہ تینوں معرفت کی تحصیل اور تحقیق کے بعد جو مقید اور عام ہوئے ہے۔ مطلق اور خاص بن جائے۔ اور وہ مرشد کامل الامداد وعارف جامع الاضداد (ضدوں کو جمع کرنے والے عارف) سے قال صحیح کے سننے پر موقوف ہے کہ

خذ العلم با فواہ الرجال لامن الدفاتر والصحائف (یعنے حاصل کر علم کو منہ سے مرد کے (مرشد کامل) نہ کہ دفتروں اور صحیفوں سے جبکہ علم الیقین مذکورہ پیر کامل واصل سے حاصل ہو۔ طالب کو چاہیئے کہ وقتاً فوقتاً راہ توحید حقیقی میں

گوش کن از ہوش می گویم ترا

تو ہوش رکھ کر سن جو میں کہوں تجھ کو

طاعت معبود برحق بر شناخت

معبود الہٰی کی عبادت برحق ہے لیکن شناخت

پر (جس کی عبادت کرتے ہو اسکو پہچاننا چاہئے)

کئی تحقیق باشدش اولی

اس کی تحقیق پہلے پہل کب ہووے

باشدش بہ شناختن زان حیثیت

اس کو اس حیثیت سے پہچاننا چاہئے

آفرید این جملہ عالم را ز لا

جو ان تمام عالم کو پیدا کیا لفظ لا سے یعنی لاالہ

مشترک بین العوام و الخواص

عوام اور خواص کے درمیان یہ پہچان مشترک ہے لی جلی ہے

این شناسائیست بے سہو و خطا

یہہ ایسی پہچان ہے کہ بغیر سہو اور خطا کے ہے

ہم چنانت بازمی باید شناخت

ایسا ہی تجھ کو پھر پہچاننا چاہیے

صورت ایجاد اشیاء کل صفا

تمام اشیاء کے ایجاد کی صورت کو

خفی سے مشغول رہے۔ اس سے مراد اس علم کے عمل سے ہے۔ یہاں تک کہ علم الیقین اور حق الیقین پر فائز ہوئے پس فہم و غور کریں اور عمل کریں۔ اور وصل پائے۔

نظم مولف

شد مرادِ حق ز خلق اعدا

حق تعالیٰ کی مراد ہے شمار خلقت سے اپنی

معرفت۔ آنکہ عبادت عابدا

معرفت ہے وہ معرفت بھی عابد کی عبادت ہے

بر عبادت دان مقدم معرفت

عبادت پر معرفت کو مقدم جان

زانکہ گفت احببت ان اعرف خدا

اسی لئے حق تعالیٰ فرمایا احببت ان اعرف یعنی

کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف فخلقت الخلق۔ میں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا۔ مجھے شوق ہوا کہ پہچانا جاؤں۔ پس میں نے خلق کو پیدا کیا اس لئے عبادت سے پہلے معرفت الہیٰ چاہئے۔

حجت است این عقلی و نقلی دلیل

یہ عقلی اور نقلی دلیلیں ایک حجت ہیں

بہ طریق گو خود آید در ظہور

اس طریقہ پر گویا وہ خود ظہور میں آئے

بالباس صورتش شان دائما

ان کی (یعنی شئ کی) صورت کے لباس میں دائم

خوان ہو الظاہر ز قرآن مجید

قرآن مجید سے ہو الظاہر (وہی ظاہر) پڑھ

گر دلیلے بایدت زیں مدعا

تجھکو اس مدعا کے لئے اگر دلیل یعنی ثبوت چاہیے

از خواص حق اخص وارند و لیس

حق کے خواصوں کے لئے مخلص ہے اور لیس

غیر شان را ایں شناسائی کجا

اونکے غیر یعنی غیر خواص کو یہ پہچاننا کہاں ہے

باز بشناسی کہ بر شکل جہان

پھر پہچانتے تو کہ عالم کی صورت پر

ظاہر آمد ایزد بیچون جہرا

ظاہر ہوا ہے ایزد (یعنی حق تعالیٰ) بےچون وچراکے

محض از بہر ظہور عالم است

صرف عالم کے ظہور کے لئے ہے

ایں ظہور صانع عالم نما

صانع عالم نما (عالم کو دکھلانے والا قادر مطلق کا یہ ظہور)

باز دانی کہ ظہور خلق کرد
پھر جانے تو کہ خلق کو کسنے ظاہر کیا ہے
بہر عرفان و عبادت خویش را
اپنے عرفان اور اپنی عبادت کے لئے
وَهُوَ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوا
وہ تمام اشیاء کا خالق ہے پس تم اس کی عبادت کرو
از قرآن مارا نبی دادہ بنا
قرآن شریف سے ہم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہے
قدرِ عرفان و عبادت این کمال
اس عرفان اور عبادت کی قدر کو اے کمال
زین بیان بشناس ہی آرش بجا
اس بیان سے پہچان اور اس کو بجا لا
قول حق شاہ میرا است این کلام
شاہ میرؒ کا یہ کلام قولِ حق ہے
والسلام علی من اتبع الھدیٰ
اور سلامتی ہو جس نے کہ اتباع کی ہدایت پائی

۲۵

کلمۂ قالِ صحیح

ایک معروف و مشہور قطعہ کے معنی میں جو کتاب گلستان سعدی شیرازی قدس سرہ میں مرقوم اور مسطور ہے۔ اس عجز د تصور کے معترف کے معلومات اور مقدور کے مطابق شرح ہے

شعر

گل خوشبوئے در حمام روزے

ترکیب توصیفی ہے اضافی نہیں۔ یعنی خوشبو رکھنے والی مٹی اس سے مراد وہ قالِ صحیح ہو وے جو حالِ صحیح کے عین ہو اور حمام سے کنایہ دنیا کا ایک خلوت خانہ کہ جس میں مرشد مستر شد یعنی مرید کو توجہ فرمائے۔ اور اس سے مولیٰ تعالیٰ کی عشق و محبت کی گرم جوشی اس کے دل میں پیدا ہو۔ ایک روز یعنی اُس روز جب کہ میں شیخ کامل سے بیعت کر کے داخل طریق ہوا ہیں اور ان کی تعلیم و تلقین ارشاد کے قابل ہوا ہوں۔

رسید از دستِ مخدومی بدستم

اور دوسرے نسخوں میں بجائے مخدومے محبوبے ہے۔ یعنی رسید از دستِ محبوبے بدستم۔ دونوں کا ماحصل ایک ہی ہے گویا کہ مریدِ صادق اور مضبوط طالب کہتا ہے کہ ایک مخدوم یعنی

بزرگ کے ہاتھ سے یعنی مرشد کی زبان سے میرے ہاتھ میں پہنچے
میری سماعت میں پہونچا۔ قول اور صدق کلام ان کا ہے

بگفتم کہ مشکی یا عنبری　　　　کہ از بوئے دلاویز تو مستم

ترجمہ :- اس سے میں نے کہا کہ تو مشک ہے یا عنبر؟ کیونکہ تیری
دلاویز (دلپسند) بو سے میں مست ہوں جانئے کہ کلام لفظی
اگرچہ منہ اور زبان اور دوسرے مخارج سے وہ تعلق رکھتا ہے۔
لیکن بوئے خوش جو اس کے معنیٰ اور مفہوم کی طرف اشارہ کرتا ہو مسرت
اور دل وجان کی تازگی کا سبب اور روح رواں کی مستی اور
سرشاری کا باعث ہوسکے۔ پس طالب حق اور عاشق ذات مطلق
کہتا ہے کہ میں اپنے مرشد کے قال صحیح کے متعلق جو ان کا لفظی ہے
میں نے پوچھا کہ المنۃ للہ واحسان اس باری تعالیٰ کا آپ کے
مبارک وبابرکت وسیلہ سے محبوب حقیقی ومطلوب معنوی
جل ذکرہ کے وصال اور اتصال کی خوشبو (تاثر جو ہوتا رہا) مرے
دماغ میں پہونچی۔ اور مقام فنا فی اللہ وبقا باللہ کہ اس کو حال
مطلق وذکر خفی اور عبادت دائمی اور توحید حقیقی اور معرفت
یقینی کہتے ہیں مجھ کو آپ کے بزرگ وسیلہ سے حاصل اور میسر
ہوا اور یہ معنیٰ یعنی یہ بات عجیب سے عجیب تر ہے جو کسب عمل
اور ریاضت ومشقت ومجاہدہ ومکاشفہ کے بغیر فقط قال صحیح
کے سننے سے مجھ کو حال صحیح حاصل ہوا۔ پس قال صحیح مرشد کا مجھ

مسترشد (مُرید) کے سوال کے جواب میں ؎

بگفتہ من گل ناچیز بودم — ولیکن مدتے با گل نشستم

ترجمہ - کہا میں ایک ناچیز مٹی تھا - اور لیکن ایک مدت گُل کی صحبت میں بیٹھا رہا - ناچیز اس لئے کہا کہ قال صحیح جو کلام لفظی ہے - اس سے مراد حروف و اصوات یعنے آوازیں ہیں جو اعراض پسند ہیں (اعراض منہ پھیر لینا) الغرض لا یبقیٰ زمانین - عرض کے لئے کوئی زمانے قائم نہیں -

قال فی القائد الجامی قدس سرہ

قائد الجامی قدس سرہ نے فرمایا ہے ؎

حرف و صوتا کہ نو بنو حادث — میشود نیست چوں دوال الایث

حرف اور آوازیں جو کہ نئے نئے پیدا ہوتے ہیں — جیسے دوڑتے ہیں رک رک کر اور زینت ہوتے ہیں

باشداں پیش عقل خردہ شناس — مر کلام قدیم زر چو لباس

وہ یاریک بین عقل یعنے نکتہ شناس کے پاس ایسے ہیں — خاص کلام قدیم کے لئے مانند لباس کے جو زیور معانی ہے

حاصل یہہ ہے کہ جب کہ کلام لفظی جو حروف اور آوازیں ہیں تمام اعراض اور محدوثات (نئے پیدا از خود قائم نہیں) سے ہیں - میں جو گِل ناچیز (گ کو زیر کے ساتھ) یعنی اپنی ذات سے موجود نہیں ہوں اور عرض و حادث ہوں - با گُل گہ مدتیش سے یعنی (پھول) کے ساتھ (جو کلام نفسی حق سبحانہ تعالیٰ کا ہے اس کی صفت قدیم اور باقی ہے) اس سے مراد ہے اظہار مکنونات (یعنے منشاء مخفی)

و مخزونات (ارادہ ہائے مخفی) معلومات الہیٰ کے اور مشہودات
مشاہدہ میں آئی ہوئی اس باری تعالیٰ کے ہیں ازل سے ربط اور
تعلق مانند یگانہ پن سے بیگانہ پن کے ساتھ رکھتا ہوں بلکہ وہی
کلام نفسی حق تعالیٰ کا ہے جو کلام لفظی کے اس کے ساتھ عارف
متلبس ہوا ہے۔ اسی بناء پہ کہا ہے۔ ع

کمال ہمنشیں در من اثر کرد

ہم صحبت کا کلام میرے میں اثر کیا

کمال ہمنشین وہ ہے جو فقط قابلہ صحیح کے سننے سے سامع کو حال
دائمی مطلق حاصل ہووے جو اس مراد غیریت کے خیال کا رفع
ہوتا وہم دوئی کا رفع ہوتا ہے جیسے کہ حدیث قدسی میں آیا ہوا ہے ع

"دع نفسک فتعال الحادع وھم غیرک"

"چھوڑ اپنے نفس کو واپس آجا اور چھوڑ تیرے وہم غیر کو"

شعر

وصالِ اینجا یکے رفع خیال است	جو غیر از پیش برخیزد وصال است
وصال یہاں یہ ہے کہ ایک خیال کو رفع کرتا ہے	جب غیر سامنے سے اٹھ جائے وہی وصال ہے

شعر

قرب بے بالا و پستی رفتن است	قرب حق از قید ہستی رستن است
قرب بغیر بلندی و پستی کے جاتا ہے	قرب حق ہستی کی قید یعنی اپنی خودی سے نکل جاتا ہے

شعر

وگرنہ من ہمان خاکم کہ ہستم

اور اگر نہیں تو میں وہی خاک ہوں جو ہوں میں

اس حیثیت سے کہ درمیان لفظی ونفسی کے جو فرق ہے عرضیت
وجوہریت اور حادث اور قدیم چون اور بیچون ہونا ۔ فنا
اور بقا ۔ کمال اور زوال بنایا جانا اور نہیں بنایا جانا ۔ اور اس جیسے
جو فرق ہے ظاہر اور روشن ہے جیسا کہ گل وکل ۔ لطافت اور کثافت
اور مثل اس کے فافہم واعلم ۔ پس فہم کرو اور جانو ۔

٢٦

کلمۂ وجودِ سیر

مجھ کوتاہ سمجھ کے خاطر میں گزرتا ہے کہ قولہ تعالیٰ
ما اصابک من حسنۃ فمن اللہ ۔ وما
اصابک من سیئۃ فمن نفسک یعنے جو کچھ
پہونچے تجھ کو حسنہ اور نیکی سے خدائے تعالیٰ سے ہے اور جو پہونچے
تجھ کو سیئہ یعنی بدی تیرے نفس سے ہے ۔ گویا کہ آئیہ کریمہ
کے ظاہری معنے کے ثبوت کے بعد اس کی پسندیدہ توجہ معتقد
کی تفسیروں میں صراحت اور تشریح کے محتاج ہیں ۔
احتمال ہے کہ حسنہ سے مراد وجود اور اس کے توابع ہوں مثلاً

حیات اور بقا، علم و ارادہ۔ قدرت و سماعت اور کلام اور مانند
اس کے صفاتِ کمال سے جو کہ وجود مطلق کے ذاتیات سے ہیں
اور سیئہ سے مراد عدم اور اس کے توابع ہو وین جو نقصانات جیسے
موت اور فنا اور جہل اور اضطرار و عجز اندھا۔ بہرا۔ اور گونگا پن
اور اس کے مانند نقص و زوال کے صفات سے جو عدم کے ذاتیات
ہیں۔ مَا عِندَكُمْ يَنفَدُ وَمَا عِندَ اللَّهِ
بَاقٍ۔

ترجمہ:۔ جو تمہارے نزدیک ہے وہ آخر ہو جائے (ختم
ہو جائے) اور جو اللہ کے نزدیک ہے وہ ہمیشہ رہنے والا ہے۔
اس سے خبر دیتے ہیں اور یہ رباعی مولوی جامی قدس سرہ السامی
کی ان معنوں کی تائید میں ہے

رباعی

ہر جا کہ وجود سیر کردہ است اے دل — میدان بہ یقین کہ محض خیر است اے دل
ہر شر ز عدم بود عدم غیر وجود — پس شر ہمہ مقتضائے غیر است اے دل

ترجمہ

اے دل جس جگہ وجود سیر کیا ہے — یقین کے ساتھ جان کہ وہ محض خیر ہی خیر ہے
جو شر ہے وہ عدم سے ہے اور عدم کو وجود نہیں — پس شر غیر کے اقتضاء (چاہت) کے باعث ہے

جاننا چاہیے کہ رقم شدہ آیاتِ کریمہ کا مضمون رباعی پر ازبس ہدایت

کے مضمون کے مسئلہ تجدد دامثال کو ثابت کرتا رہا ہے۔ جو اہل حقائق رضی اللہ عنہم و رضا ھم عنی کے دقائق سے ایک دقیقہ ہے (دقیقہ لطیف باری کی)

۲۷ کلمہ علم و عمل

خاصان امت اور رئیسان ملت علیہ الرحمۃ والتحیۃ (اُن پر رحمت الٰہی اور سلامتی ہو) فرماتے ہیں کہ علم دین دو قسم پر تقسیم پایا ہے۔ ایک وہ علم ہے جو عین عمل ہو اور دوسرا وہ عمل ہے کہ غیر عمل ہووے۔

اول کا تعلق اصل سے ہے اور دوسرے کا ربط فرع سے

"اے عزیز پر تمیز انصاف کی نظر سے دیکھ۔ انصاف دیکھ اس تحقیق کی بناء پر قسم اول علم باطن اس کا حاصل کرنا مرشد کامل کے قال صحیح پر موقوف ہووے کہ اس سے مطلق حال صحیح حاصل ہو تا ہے حال صحیح معقید پر کہ اس کا حصول ذکر و شغل معقید پر موقوف ہووے (آہ) کس قدر فوقیت اور زیادتی اور اولی پن اور افضلیت دی گئی ہے۔"

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ فضل العلم خیرٌ من افضل العبادۃ۔ علم کی فضیلت بہتر ہے عبادت کی فضیلت سے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فضل العالم علی العابد کفضلی علی ادناکم۔ فرمایا عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسی کہ میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ پر۔ ایضاً

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العالم فی قومہٖ کالنبی فی امتہٖ۔ فرمایا عالم اپنی قوم میں گویا نبی ہے اپنی امت میں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلیل العمل مع العلم کثیرٌ وکثیر العمل مع الجھل قلیل۔ فرمایا تھوڑا سا عمل علم کے ساتھ وہ کثیر یعنی زیادہ ہے اور زیادہ عمل جہل سے ناواقفیت سے وہ تھوڑا ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقیہ واحدٌ اشد علی الشیطان من الف عابد فرمایا ایک فقیہ (یعنی علم فقہ کا عالم) شیطان پر زیادہ سخت ہے ہزار عابد سے۔

قال العلم شیئٌ لطیفٌ لا یعطی الّا العبدُ

اللطیف۔ فرمایا علم ایک لطیف شئی ہے عطا نہیں کیا جاتا مگر لطیف بندے کو۔

وَعَن علی رضی اللہ عنہ رتبۃ العلم اعلی الرتب۔ علم کا رتبوں سے اعلیٰ رتبہ ہے

وَعنہ مجلس العلم روضۃ الجنۃ۔ اور انھیں سے ہے علم کی مجلس جنت کا باغیچہ ہے

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قلیل المعرفۃ خیرٌ من کثیر العمل تھوڑی سی معرفت بہتر ہے عمل کثیر سے

وَعنہ ایضاً اور انھیں سے ایسا ہی۔

اُطلب الادب اَولیٰ من طلب الذہب ادب طلب کرنا بہ اولیٰ ہے زر و سونا طلب کرنے سے

قال الجنید قدس سرہ الاستغراق الوجد فی العلم خیرٌ من استغراق العلم فی الوجد علم کے ذوق میں محو ہونا بہتر ہے علم کو ذوق میں محو کرنے سے۔ ملا عبد الغفور مرید اور شاگرد ہیں مولوی جامی قدس سرہ اس قول کے معنے میں لکھے ہیں۔

یعنی محو ہونا اور ہلاکت پانا وجد کا علم میں اور مغلوب ہونا وجد کا قائل علم کے لئے بہتر ہے۔ ہلاکت کا وجد میں اور مغلوب

ہونا علم کا وجد میں۔ حاصل یہ ہے کہ علم کا غالب رہنا وجد و حال پر بہتر ہے
وجد و حال کا علم پر غالب ہونے سے انتہا لیس چاہئے کہ قال صحیح کو سرسری
(بے غور و تامل) نہ سمجھے اور حال تقیدی کی خیریت میں اس پر اندیشہ نہ کرے
یا عاشقانِ علیہ الرحمۃ والرضوان کے لئے کتاب گلستانِ (سعدی) میں کیا
عمدہ فرمائے ہیں۔

صاحب دلے بمدرسہ آمد زخانقاہ — بشکست عہد صحبت اہل طریق را

ایک ولی صفت بزرگ خانقاہ چھوڑ کر مدرسہ میں آ گئے اہل طریقت سے عہد صحبت کو قطع تعلق کر کے

مدرسہ وہ ہے کہ جہاں علم سیکھنا و سکھانا جاری رہتا ہے۔ خانقاہ وہ مقام
جہاں اہل طریق درویشوں کے ذکر و شغل مراقبہ و مشاہدہ کے لئے
مقرر ہے۔

گفتم میان عالم و عابد چہ فرق بود؟
میں نے پوچھا عالم اور عابد میں کیا فرق تھا
تا اختیار کردی ازاں این طریق را
کیونکہ تم نے اس سے برطرف ہو کر اس طریقے کو اختیار کیا ہے
گفت آن گلیم خویش بدر می برد ز موج
کہا وہ پانی کی لوٹ سے اپنی ہی کملی کو آپ بچا لیتا ہے
ویں جہد می کند کہ بگیرد غریق را
اور یہ کوشش کرتا ہے کسی ڈوبتے ہوئے کو پکڑ کر بچائے

عابد صرف اپنا بچاؤ آپ کر لیتا ہے نہ عبادت صرف اپنی نجات

کے لئے ہے۔

عالم اپنے علم سے دوسروں کو ہدایت پہونچا کر سیدھے راستے پر لاتے اور گناہوں سے نجات پانے والا بناتے ہیں۔ اور اسی مذکورہ معنے میں سید عبداللطیف مرحوم و مغفور المعروف مشہود محی الدین صاحب ساکن ویلور اپنے رسالہ مسمی (لطائف لطیفی) میں تحریر فرمائے ہیں وہ یہہ ہیں۔

لطیفہ

اے عزیز طالب کو دو طریقہ سے راہ دکھا سکتے ہیں عشق اور خصل طریق عشق ذکر و شغل یقینی عقلی تعلیمی ہے اور اس کا نتیجہ توحید علمی ہے۔

اے عزیز مقیدات میں شغل و ذکر کرنا نتیجہ کا تعقید کا دیوے اور مطلقات میں اشتغال کرنا نتیجہ اطلاق کا اور اسی واسطے مقیدات میں خوف زوال ہے اور مطلقات میں نہیں۔

لطیفہ

اے عزیز مجاہدہ اور مکابدہ اور مکاسبہ (جہد کرنا۔ خود کو گھٹانا۔ اور کسب یعنی محنت کرنا) اور دشوار ریاضتیں یہ مراتب وجودی کے حصول پر موقوف ہیں نہ مراتب علمی کے لئے کیونکہ مراتب علمی فعلیت کی تحصیل میں مجاہدہ و مکاسبہ کام نہیں آتا ہے بلکہ وہ مرشد کامل کے قال صحیح پر موقوف ہے اور مراتب وجودی کے معاملات بجز معاملات مراتب علمی معطل (بیکار) ہیں۔

اگرچہ یافت حق نتیجہ ثانی ہے نہ اول — اور مراتب علمی معاملات بجز مراتب وجودی معاملات کے کفایت کرتے ہیں کیونکہ اسی سے مقصود حاصل کر سکتے ہیں۔

دوسرا یہ جانئے کہ رسولوں کا ارسال اور کتابوں کا نزول کشف مراتب علمی ہے۔ پس یہ مرتبہ خاص ہووے۔ اور مراتب وجودی کے کشف میں اہل سنت رحمتہ اللہ علیہ بھی مشابہت اور مشارکت رکھتے ہیں پس یہ عام ہووے۔ والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ اور سلامتی ہو اس پر جس نے تابعداری کی اور ہدایت پائی۔ قال فی شرح العقائد (کتاب شرعتہ الاسلام کی)

بداں کہ عابد بے علم و زاہد ناداں

جان، تو بے علم عابد اور ناداں زاہد

خر خراس بود بلکہ سخرہ شیطان

کولھو کا گدھا بلکہ شیطان کا بیگار ہووے

وگرنہ عمر تو یک ہفتہ بیش دانی نیست

اگرچہ تیری عمر جان کہ ایک ہفتہ سے زیادہ نہیں ہے

بعلم فقہ نماز اشتغال اے ناداں

علم فقہ حاصل کرنے میں شغل رکھ اے نادان

بہ است از آن کہ گزاری ہزار رکعت نفل

تو ایک ہزار رکعت نفل گزارنے سے یہ بہتر ہے

ز وقوف مسئلہ ماز علم دینی ھان
کہ ہمارے علم دین کے ایک مسئلہ سے واقفیت الکھ اں یاد رکھ

ز موج بحر برآرد گلیم خود عابد
دریا کی لوٹ سے عابد صرف اپنی کملی کو بچالے

کہ دستگیر غریق عالم از طوفان
عالم طوفان سے ڈوبتے ہوئے کا ہاتھ پکڑ کر نکالنے والا ہے

میان عالم دنیا و عالم عقبیٰ
دنیا دی علم کا عالم اور عاقبت کے علم کا عالم کے درمیان

جو فقہ تمرہ نا سرہ بود دستمان
جیسے کہ کھری اور کھوٹی چاندی میں بہت بڑا فرق ہے

جہ است عالم باللہ ز عالم احکام
عالم احکام سے عالم باللہ بہتر ہے حکمرانی علم کا عالم سیا سی

بود مشاہدہ را بر خبر ملے رجحان
ہووے مشاہدہ پہ خبردار بلکہ اس طرف زیادہ مائل ہے

مباش غرہ ابا عالمے کہ بے عملی
مت ہو مغرور اپنے علم میں اے عالم تو، کہ بے عمل ہے

کہ ہیچ کار نشاید بدون جستہ کمان
کیونکہ کوئی کام نہ آئے بغیر تیر کے صرف کمان

مثالِ عالم گمراہ چو کشتی باشد
عالم گمرہ کی مثال اس کشتی جیسی ہے
کہ گشت غرقے وخلقے ہلاک شد با آن
جو غرق ہو گئی اور ایک خلقت اس کے ساتھ ہلاک ہو گئی
اَشد الناس عذاباً بود ہر آن عالم
لوگوں کے لئے سخت عذاب ہے ہر وہ عالم
کہ حق ندارد از علم خویش بدون زیان
کیونکہ کوئی حق بات نہیں رکھتا ہے اپنے علم سے وہ سوائے نقصان کے
چو ہست آئینہ علم را عمل صیقل
جبکہ علم کے آئینہ کے لئے عمل صیقل
نماید رُخِ جمعیت وصفائی جان
اطمینان قلبی کی صورت دکھائی دے تجھکو اور روح کی صفائی
ز شیر شہر کنی دفع یا سلاح از خود
شیر نفس کی شرارت دفع کرے تو اپنے ہی ہتھیار سے
بہ بیشہ بے حرکت جوارح و ارکان
اس کے صحرا دین اعضاء وجوارح کی حرکت کے بغیر
چو از حرارتِ صفرا ست بیماری
جبکہ صفرائی حرارت سے ہے بیماری
سکنجبین شہد وکشکار ابیش درمان
سکنجبین اور شہد اور آش جو اس کا علاج جان

ولیکن تا نخوری و نو ازی استعمال

اور لیکن جب تک تو اسکو نہ کھائے اور استعمال نہ کرے

بود ز آتش تنہا زوال آن مکان

فقط اسکی گرمی ہی سے اس کا زوال یعنی نقصان ہو سکتا ہے

ہزار رطل اگر چند بادہ پیمائی

ہزار رطل یا چند پیالے شراب کے تو ناپتا ہی رہے

ولیکن تا نکنی نوش کئی شود مستان

لیکن جب تک اس کو تو نوش نہ کرے اس کا خمار کیسے حاصل ہو

هزار مسئلہ علم خوانی و دانی

ہزار مسئلے علم کے تو پڑھے اور جانے

بوفق آنکہ نکنی عمل همیرون دانی

اگر موافق اس کے عمل نہ کرے تو اپنے کو ویسا ہی جان جیسے پہلے سے ہے

بہ جواب دید کسے مر جنید را بسید

کسی نے حضرت جنید بغدادی رح کو خواب میں دیکھا تو پوچھا

کہ چیست حال تو اے سیر خدا بینان

کہ آپکا کیا حال ہے اے خدا کو دیکھنے والوں کے سردار

عبادت و طاعت اشارہ کردہ مگر

ایک ساعت عبادت و طاعت کی طرف اشارہ کئے مگر

بہ خوف شب شدہ رکعات چند نفع رساں

خوفِ الٰہی سے شب کی چند رکعتیں فائدہ پہونچا ئیں

مرادِ ما کہ ازیں علم۔ عمل غیر عمل

ہماری مراد اس علم سے علم بے عمل ہے

زعلم عین عمل بستہ بہ زبان بیان

علم عین عمل کی تعریف سے زبان بند رکھنا بہتر

کیونکہ اس کی تعریف سے زبان قاصر ہے

کلام حضرت شہید جامع است کمال

حضرت شہید کا کلام تمام کا جامع ہے اے کمال

میان وصلت و ہجر و جہالت و عرفان

وصل اور جدائی اور جہالت (نامعلوم) اور عرفان کے درمیان

۲۸

کلمہ کشف سرِ وحدت

وحدت مطلقہ کے اسرار کے کشف میں۔

جاننا چاہئے کہ صوفیہ علیہ الرحمتہ و التحیتہ کے فرقہ نے وحدتِ مطلقہ کے معنے یوں فرمائے ہیں۔ ایک ذات حق سبحانہٗ کی اپنے صفات کے ساتھ موجود ہے

اور دوسری ذات اپنے صفات کے ساتھ معدوم۔

اس کوتاہ سمجھ و قاصر کے خیال میں ایسا گزرتا ہے کہ۔ پہلے فقرہ کا مفہوم یعنی " ایک ذات حق سبحانہ تعالیٰ یا صفات خود موجود ظاہر ہے بغیر شبہہ کے تحقیق پئے کر سوال و اشکال کا اس میں ہونے کے مجال محال ہوئے۔ یعنی ذات حق وجود محض ہے جو عدم نہیں رکھتی ہے اور صفات حق وہ کمالات جو نقصان نہیں رکھتے۔ مثلاً واجب ہونا اور قدیم ہونا اور حیات و علم و ارادہ وقدرت سمع و بصر و کلام اور حیات بخشی اور موت دینا اور اس کے مانند اس کا حاصل = لا موجود اِلا اللہ ہوا۔

وَ تَمَّتْ بِکَلِمَتٍ
وَ تَمَّتْ بِالْخَیْرِ

کنز العرفان حضرت غوثی شاہ قدس اللہ سرہٗ کے نعتیہ کلام طیبات غوثی کا ایک ورق

(دو نعتیں)

عشق نبیؐ

رویا میں نظر زلفِ محمدؐ پہ پڑی ہے — جنت میں کہیں اب مری تقدیر لڑی ہے

کم مستی عشقِ نبوی ہوتی ہے واعظ؟ — دیوانے یہ کسے تو مری گھٹی میں پڑی ہے

تصویر سے کیا کام ہے عشاقِ نبیؐ کو — صورت یہ مرے دل کے نگینے میں جڑی ہے

جو لذتِ الفت ہے مرے دل ہی سے پوچھو — اتنا ہے مزہ جتنا کہ یہ چوٹ کڑی ہے

دیکھو تو ذرا مرتبۂ عشقِ نبیؐ میں — سرکار بھی ہیں موت بھی دولہن سی کھڑی ہے

ہر سانس میں احمدؐ کی صدا آتی ہے دل سے — واللہ یہ نایاب مرے دل کی گھڑی ہے

جاں غوثی نے دی آج فقط عشقِ نبیؐ میں — اتنی سی تو ہے بات مگر دھوم بڑی ہے

رہبر ھو؟

خدا کے پاس کیا ہے ایک ھو ہے — جو کچھ بھی ہے نبیؐ کے روبرو ہے

اسی کے جلوے ہیں دونوں جہاں میں — تجلی یار کی ہی چار سو ہے

احد کو یہ دُہ احمد میں دیکھا — خدا کا شکر نکلی آرزو ہے

نہیں ہوں میں نہیں ہوں میں نہیں ہو — مرے مولا ترا جلوہ ہے تو ہے

نکالے یار کو اب ڈھونڈھ کر ہم — وہ ہم میں ہے ہمارے روبرو ہے

محمدؐ پر فدا سو جان سے میں — یہ میرے یار کے گیسو کی بو ہے

نہیں غوثی کو ہستی اور انا بھی
یہ نقشہ یار کا ہے ہو بہو ہے

"تقدیس شعر" کا ایک ورق مصنفہ حضرت مولانا صحوی شاہ

کیفِ عشق

میں عاشقِ احمدؐ ہوں مجنوں ہوں نہ سودائی
یہ دولتِ بے پایاں تقدیر سے ہاتھ آئی

دل دردِ محبت سے بھرپور ہے یوں جیسے
اک موج کے دبتے ہی اک اور اُبھر آئی

عالم و تصور کا یوں دل میں جما یا ہے
جس سمت نظر ڈالی صورت وہ نظر آئی

وہ ہوں گے جہاں ہوگی اک انجمن آرائی
ہم ہوں گے جہاں ہوگی تنہائی میں تنہائی

کیا دل سے کوئی کھیلے جب جان پہ بن آئی
کیا خوف ہو ذلت کا اور کیا غم رسوائی

وہ محفلِ انجم ہو یا چاند ہو یا سورج
رخسارِ محمدؐ سے ہر شئے نے ضیا پائی

اک نور کا عالم ہے جس سمت جدھر دیکھو
تنویرِ محمدؐ سے ذروں نے جلا پائی

دل ٹوٹ گیا اپنا جی چھوٹ گیا اپنا
ہم ہیں غمِ جاناں ہے اور گوشۂ تنہائی

یہ حبِ محمدؐ سے گستاخی ہے اے صحوی
کیوں سینۂ سوزاں سے آواز یہ کیا آئی

ادارۃ النور کی معرکۃ الآرا تصانیف

عنقریب پھر شائع ہونے والی کتابیں

کنز مکتوم * نور النور * کلمہ طیبہ
طیبات غوثی * معیت اللہ } مصنفہ حضرت غوثی شاہ رح

کتاب مبین (تفسیر قرآن پارہ اول و دوم)
الم ترا قاوالناس (منظوم)
تقدیس شعر * رد منافقت
گیارہ مجالس * اشارات سلوک
سیر عبدیت * خون پارے * تذریبیہ

مصنفہ حضرت مولانا صحوی شاہ رح

میزان الطریقت (بار دوم)
رسول جہاں، اسرار الوجود

مصنفہ مولانا غوثوی شاہ

مواعظ غوثی ۔ پہلی مرتبہ زیر اشاعت
مجموعہ تقاریر ۔ حضرت غوثی شاہ علیہ الرحمہ

معرفتہ الرسول ص ۔ مولانا غوثوی شاہ ۔ خلفائے اربعہ
مختصر سوانح حضرت سیدنا ابوبکر صدیق سیدنا عمر ابن الخطاب سیدنا عثمان رض سیدنا علی کرم اللہ وجہہ

مصنفہ مولانا غوثوی شاہ

خوشخبری ـــــ طالبان توحید و دل دگان تصوف کے لئے

ـــ فتوحاتِ مکیہ (اردو ترجمہ) اہم اقتباس

مصنفہ حضرت شیخ اکبر ابن عربی اخذ و ترتیب مولانا غوثوی شاہ

معارف التنزیل (اردو ترجمہ) ـــــ

مصنفہ حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ

الم تر انا و الناس (تفسیر) مترجمہ مولانا یٰسین عرفانی

اخذ و ترتیب :۔ مولانا غوثوی شاہ

ـــــ اسما الاسرار

اردو ترجمہ: مصنفہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

مترجمہ ـــ مولانا یٰسین عرفانی

اخذ و ترتیب مولانا غوثوی شاہ

رازِ شریعت * معیت محمدیؐ

کشف الاعداد * اورادِ محمدیؐ

کشف الایات * حسن حسینؓ

رنا الحق * اہمیت مرکز

آیاتِ ناسخ و منسوخ

ـــــ مرتبہ :۔ مولانا غوثوی شاہ

ناشر ادارۃ النور۔ بیت النور۔ چنچل گوڑہ حیدرآباد

وہ کتابیں جو دستیاب ہیں (انشاء اللہ تعالیٰ)

مقصد بیعت، مصنفہ حضرت غوثی شاہ رحمۃ اللہ

بدعت حسنہ، مصنفہ حضرت صحوی شاہ رح

سلسلۃ النور (شجرہ) مصنفہ حضرت صحوی شاہ رح

* اسرار الوجود * کتاب سلوک
* تعلیمات صحویہ * دیارِ حرم گائیڈ
* تذکرہ نعمانؒ سوانح عمری حضرت امام اعظم

مصنفہ مولانا غوثوی شاہ

* فضائل کلمہ طیبہ
* سربری تعارف حضرت شیخ اکبر رضؓ
* دیواری شجرہ (دائرۃ الوجود)
* دیواری شجرہ تعلیمات

مرتبہ حضرت غوثی شاہ رح

* تجلیاتِ اربعہ

مرتبہ مولانا شاہ محمد عبد القدوس

* کلیات روشن (شعری مجموعہ)

مولانا شاہ خواجہ عظیم الدین روشن

وہ کتابیں جو اب جلوہ ریز ہو چکی ہیں

مصنفہ حضرت سیدنا شیخ اکبر رح — کبریت احمر (اردو ترجمہ)

اخذ و ترتیب — مولانا غوثوی شاہ

---

* دعائے عرش العرش * تسبیحات غوثوی — مصنفہ مولانا غوثوی شاہ۔

کلمات کمالیہ — مصنفہ حضرت شاہ کمال رح

اردو ترجمہ — مترجمہ حضرت صحوی شاہ رح اخذ و ترتیب مولانا غوثوی شاہ

ناشر ادارہ النور۔ بیت النور۔ چنچل گوڑہ حیدر آباد اے پی

سلام بحضور خیر الانام حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ۲۱

(ماخوذ از تقدیس شعر)
(از مولانا حضرت صحوی شاہ)

بشیراً نذیراً سلام علیکم — سراجاً منیرا سلام علیکم

اندھیر دل کو غفلت کے کب نور بخشا — ڈرایا منایا سلام علیکم

ازل سے ہی اس در سے وابستگی ہے — غلاموں کے آقا سلام علیکم

بصیرت عطا کی گئی ہے تم ہی سے — تجلی مولا سلام علیکم

جسے تم نے چاہا اسے حق نے چاہا — تو رحمت سراپا سلام علیکم

تمہارے تبسم کا اثر تو یہ جنت — نگار مدینہ سلام علیکم

گلستان عالم میں نکہت تم ہی سے — بہار تمنا سلام علیکم

نگاہوں کا نور اور روحوں کی راحت — دلوں کا دلارا سلام علیکم

وہ تم ہی تھے سوتوں سے آگئے جو — نوید مسیحا سلام علیکم

تمہارے ہی نقش قدم کی تجلی — یہ دنیا وہ عقبیٰ سلام علیکم

ان عارض پہ قربان ہوں چاند سورج — تم ان کا اجالا سلام علیکم

تمہاری ہی زلفوں کی چھاؤں گھٹائیں — وہ لب برق آسا سلام علیکم

بس اب چوم لوں بڑھ کے دہلیز در کی — یہی ہے تمنا سلام علیکم

حضوری میں سر سے چلا آئے صحوی
اگر ہو بلاوا سلام علیکم

معاونین کتاب:

- شاہ محمد علی عارف صاحب
- مولانا شاہ امام محی الدین قیصری شاہ
- مولانا عبدالمنان احمد بلالی شاہ۔

خواجہ محمد عبدالرزاق چشتی